اللہ یجتبی الیہ من یشاء ویھدی الیہ من ینیب
الحمد للہ علی احسانہ کہ درین زمان مسعود اوان مجموعہ نسخہ نادر الوجود در بیان اذکار واشغال وعلم سلوک یعنی
کشکول کلیمی
١٣٥٤ھ
١٩٣٦ء
از حضرت قطب العالم شاہ کلیم اللہ جہان آبادی مع ترجمہ اردو حسب ایمای جناب مولوی حافظ محمد عبد الاحد صاحب
در مطبع مجتبائی دہلی مطبوع شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ منتہ بہ علیہ والصلوۃ من لدیہ الیہ۔
امابعد کشکولے کہ لقماتش لطیفہ ربانیہ را طاقت
بخشد۔ ونفس ناطقہ را قوت دہد۔ و در پیکر
اسلام مجازی روح ایمانِ حقیقی در دمد۔ و
مردگانِ طبیعت را حیاتِ جاودانی ارزانی
دارد۔ و بیماران ہوائے نفسانی را بہ شفائے
رحمانی رساند۔ ورقے نے نے طبقے چند
است کہ آمودہ میگردد بتر نخستین اقسام ذکر
وانواع فکر کہ دریوزہ نمودہ است آنرا قسیم
ایں سطور کلیم اللہ از در اولی النعمۃ واصحاب
الکرم۔ برائے ہر ذی مخمصہ کہ در اشتہائے
صادقِ او خیالاتِ کذب محال و غذائے
جانِ آں صاحب ذوق خاص حلاوتِ وصال
بود۔ ہر لقمۂ ایں کشکولے طعمے دارد کہ مخصوص
مخموص گرسنہ باید کہ دیگرے را نشاید و ہر
کسرۂ نانش لذتے دارد کہ گوارا بذوق یکے
آید و دیگرے را بے مزہ نماید۔ پس قسمت
ایں گوناگوں کسرہ مفوض قلندر لسیتا
کہ از مذاق ایں طریقت بحقیقت کامگار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید
المرسلین محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔ بعد حمد و صلوۃ کے
یہ ایک کشکول ہے جس کے لقمے لطیفۂ ربانی کو طاقت
اور نفس ناطقہ کو قوت بخشتے ہیں اور مجازی اسلام
کے قالب میں حقیقی ایمان کی روح پھونک دیتے
ہیں اور مردہ طبیعت کو جاودانی زندگی عطا کرتے ہیں
اور ہوائے نفسانی کی بیماروں کو رحمانی شفا دیتے
ہیں یہ چند ورق نہیں بلکہ چند طبق ہیں کہ اقسام ذکر
اور انواع فکر سے بھرے گئے ہیں جنکو اس کتاب
کے لکھنے والے کلیم اللہ نے منعموں اور کریموں کے
دروازے سے بھیک مانگ کر جمع کیا ہے اُن لوگوں کے
لئے جن کی اشتہائے صادق میں کذب کا احتمال نہیں ہے
اور اُن با مذاق کیلئے جن کی جان کی غذا حلاوت
وصال ہے اس کشکول کے ہر لقمے میں ایسا مزہ ہے
کہ خاص بھوکوں کیلئے مخصوص ہے اور دوسرا اُسکے لائق
نہیں ہے اور اُسکے ہر ٹکڑے میں وہ لذت ہے کہ ایک کیلئے مزہ
دار ہے اور دوسرے کیلئے بے مزہ۔ پس اس رنگ برنگ
کے ٹکڑے کا حق اُن قلندروں کی قسمت کا ہے جو
اس طریقہ کے مذاق سے حقیقت کی جانب کا قصد

است - وبہر چرب وشیریں وخشک جویں
بارے تا در خور استعداد ہر طالبی نصیبش رساند
وبقدر حوصلہ ہر صاحب ذوقے ایں نعمت چشاند
قبل ازیں مرقعے در بیان تطوعات ودعوات
برائے عزات شہرستان شہود دوختہ بودم
تا کہ تن را بہ لباس التقویٰ پیراستہ دارند
امروز کہ غرۂ ذی قعدہ سنہ ۱۱۰۱ ہزار ویک صد
ویک است بالتماس بعضے محبان صمیمی لقمہا دریوزہ
دریں کشکول فراہم آوردہ تا اصحاب
ذوق وارباب شوق نصیب کامل وحظِّ
وافر بردارند - واین بے ہیچ را بدعائے
خیر امداد فرمایند۔ نَسْاَلُ اللّٰہَ اَنْ لَّا نَسْاَلَ
مِنْہُ اِلَّا اِیَّاہُ بِعِزِّ مَنِ اجْتَبَاہُ لِاَوَّلِیَّۃِ
التَّنَزُّلَاتِ وَاصْطَفَاہُ۔

رکھتے ہیں اور ہر قسم کی روکھی پھیکی چکنی چپڑی پر قناعت
کرتے ہیں تاکہ اپنی استعداد کے لائق ہر خدا کے طالب
کو حصہ پہنچائیں اور اپنے حوصلے کے موافق ہر ذوق
والوں کو یہ نعمت چکھائیں اس کے پہلے میں نے ایک
مرقع شہود کے شہریوں کے واسطے جو ننگے تھے
تیار کیا تھا تاکہ اُن کا تن لباس تقویٰ سے آراستہ
ہو جاوے آج کہ غرۂ ذیقعدہ سنہ ۱۱۰۱ گیارہ سو ایک
ہجری ہے بعض خالص دوستوں کی درخواست
سے کچھ لقمے دروازوں سے مانگ کر اس کشکول میں
جمع کئے ہیں تاکہ ذوق اور شوق والے لوگ اس سے
پورا پورا حصہ لیں اور میری مدد دعائے خیر سے کریں
اب ہمارا سوال حق تعالےٰ سے یہی ہے کہ جب ہم
مانگیں تو خدا ہی کو مانگیں بواسطہ اُس پیغمبر کے جس کو
اللہ تعالیٰ نے اولیت تنزل کیلئے برگزیدہ اور پسند فرمایا

تمہید

بدانکہ ایں رسالہ متنوع است بر یک مقدمہ
ودو وصل ویک خاتمہ وآں مذیَّنہ است بقول کلی

جاننا چاہیے کہ یہ رسالہ منقسم ہے ایک مقدمہ اور دو
وصل اور ایک خاتمہ پر جس کے ذیل میں قول کلی ہے

مقدمہ

اِعْلَمْ اَوْصَلَکَ اللّٰہُ اِلٰی اَعْلٰی مَدَارِجِ
الْعَارِفِیْنَ کہ آں وجود مطلق قبل ازیں
کہ معیتی بوجود ظلی کونی پیدا نماید مختفی
بود - وازاں بے نشاں نشان نبود بمقتضائے
محبت خود بخود ازاں صرافت

اے طالب خدا تجھکو اللہ تعالیٰ عارفوں کے اعلیٰ درجہ کو
پہونچادے جان لے کہ وہ وجود مطلق (باری تعالیٰ
قبل اس کے کہ مخلوقات کے وجود ظلی کے ساتھ
ہو پوشیدہ تھا اور اُس بے نشان کا نشان تک نہ تھا
اپنی محبت کے اقتضا سے خود بخود اُس صرافت سے

تنزیل بمراتب آلہی وکیانی فرمود و در ہر متعینے باعتبار تقید بذلک التعین باسم عاشق برآمده
وباعتبار رفع ذلک التعین باسم معشوق جلوه گر آمده پس کمال ہر تعین آنست کہ رجوع بآں اطلاق کند واز بیرنگی کہ برآمده باز بآں رسد وگفتگوئے ما در تعین حضرت انسان کہ مظہر جامع ذات وصفات آمده واز سائر تعینات بصفت حمل امانت ممتاز گردیده پس کمالش آنست کہ بسر حد فنا فے اللہ رسیده باقی ببقاء اللہ باشد۔

سیر اول سیر الی اللہ است و **سیر ثانی** فے اللہ و نہایت در اولست نہ در دوم؛
لقمہ وصل عبارت است از انقطاع عما سوئے اللہ وعدم التفات بہمہ اکوان و انہماک واستہلاک در بیرنگی محض و اطلاق صرف کہ مقدمۂ آں بیخودی وغیبت از جمیع حواس است کہ مشابہ حالت موت است الا آنکہ در موت حضور نیست و دریں نیست مگر حضور۔ وسالک چوں بایں سرحد رسد اسم ولایت مر او را مسلّم بود اگرچہ ایں حالت یکساعت ہم او را باشد باز اگر بصحو بر آید از اصحاب تمکین شد وایں افاقت گاه زود بخشد گاه دیر و اگر ہماں بیخودی و سکر گزارند

مراتب الٰہی اور کیانی کی جانب نزول فرمایا اور ہر متعین میں اُس تعین کی قید سے عاشق بنا۔ اور بلا تعین کے اعتبار سے معشوق ہوا اب ہر تعین کا کمال اسی میں ہے کہ اُسی اطلاق پر پہونچے اور بیرنگی سے جو نکل پڑا تھا پھر اُس میں جا ملے۔ اور ہمارا کلام صرف تعین خاص حضرت انسان میں ہے جو ذات اور صفات کا مظہر جامع اور ساری تعینات کے اندر بار امانت کے اُٹھانے میں ممتاز ہے پس کمال انسانی اسی میں ہے کہ فنا فی اللہ کی سرحد میں پہونچکر بقا باللہ میں باقی رہے

سیر اول میں سیر الی اللہ کا بیان ہے اور **سیر ثانی** میں سیر فی اللہ کا۔ اور انتہا کمال پہلی سیر میں ہے دوسری میں نہیں ہے **لقمہ** وصل مراد ہے اس سے کہ اللہ تعالی کے ماسوا سے قطع تعلق کرنا اور تمام مخلوقات کی طرف توجہ نہ کرنا اور عبادت میں کوشش کرنا اور بیرنگی محض اور اطلاق صرف میں فنا ہونا جسکا پہلا درجہ بیخودی ہے اور تمام حواس سے غیبت ہے جو موت کے مشابہ ہے مگر موت میں حضور نہیں ہے اور اس میں حضور ہی حضور ہے اور سالک جب اس سرحد پر پہونچے تو ولایت اُس کے حوالہ ہوتی ہے۔ گو یہ حالت اُس کی ایک ساعت بھر کے لئے ہو پھر اگر درست حالت پر ہو تو اُسکو اصحاب تمکین کہتے ہیں اور یہ حالت کبھی جلد پیدا ہوتی کبھی دیر میں اور اگر اُسی بیخودی اور سکر میں رہے

از ارباب تلوین ماند پس در سلوک چون
مد نظر سالک محض اضمحلال در مشاہدۂ ذات
بیرنگ باشد سلوکش تمام تر آید و اگر چپ و
راست نظر افگند و در کشف تعینات دیگر
آویزد از جادۂ مستقیم دور افتادہ بود

لقمہ

بدانکہ در کتب سلوک ہر مقامے را بوصفے
و نعتے موشح بینی کہ دل ہماں خواہد کہ بغیر آں
نخواہد و ہمت بورزش آں استوار گردانی
کہ بعجز او نیاساید و طلب الکل فوت الکل است
پس مذبذب گردی کہ کدام مقام را در پیش
گیری و ورزش آں مقام داری و ہر احدے
را در اختیار و ایثار شانے است و ما نزد
ایں بے ہیچ مختار آنست کہ سالک ہمت
تمامی ہمت خود معطوف آں دارد کہ بعد
ادائے فرائض و سنن موکدہ و زوائد
پیوستہ بتوحید عزیمت نماید و در مقام ذکر
و فکر و انس باشد و چندگاہ انہماک در کثرت
نوافل و تلاوت قرآن و تسابیح و اوراد و دعوات
و ادخار موارد ثواب کند و تزئین عبارات
و اشارات و جمیع مواطن خیرات یکسو نہد و
شب و روز در افنائے ہستی موہوم خویش کوشد
تا جاذبۂ عنایت ازلی اورا از خود

تو اسکو ارباب تلوین کہتے ہیں پس سلوک میں جب
سالک کو مد نظر محض فنا ذات بیرنگ کے مشاہدہ کا
ہو تو اُس کا سلوک پورا ہے اور اگر دلہنے بائیں دیکھنے
لگے اور دوسرے تعینات کے کشف میں پھنسے گا
تو سیدھی راہ سے دور پڑ جائے گا لقمہ جاننا چاہیے
کہ کتب سلوک میں جس مقام کو جس ڈھنگ اور عنوان
سے آراستہ پاوے کہ دل اُسکے سوا دوسرے
کی طرف مائل نہ ہو اور اُس کے اختیار کرنے میں ہمت
مستحکم ہووے کہ بلا حصول اُسکے آرام نہ ملے اور
طلب اُس کا فوت کل کا ہے اس باعث سے اُسکے
اختیار کرنے میں تذبذب میں پڑ جائے اور مقدم
کرنے میں اُس کے متردد ہو جائے اور ہر کسیکو
اُس کے اختیار کرنے میں ایک نشان ہے مگر میرے
نزدیک مختار یہ ہے کہ سالک اپنی پوری ہمت اس
جانب پھیرے کہ فرائض اور سنن موکدہ اور سنن زوائد
سے فارغ ہو کر (کلمہ) توحید کی طرف متوجہ ہو اور
ذکر اور فکر اور اُنس کے مقام میں مستعد رہے اور چند
روز نوافل اور تلاوت قرآن اور تسبیح اور وظیفہ اور دعا
کی کثرت اختیار کرے اور ثواب کا ذخیرہ پیدا کرے
اور عبارات اور اشارات اور تمام اعمال خیر کی تزئین
سے کنارہ کشی کرے اور رات دن اپنی موہوم ہستی
کی فنا میں کوشش کرے تب امید ہے کہ عنایت
ازلی کا جذبہ اُس شخص کو خودی سے

بر بایدو بسرحد فناء الفنا و منہ الی بقاء البقاء رساند تا ذات ذاتِ او نگردد وصف صفت او نبیند و اثر اثر او نیابد و فعل فعل او نداند و آنچہ ممد ایں کار بود پردازد و از انچہ مخل ایں امر باشد نپردازد کہ بازگشت ہر صاحب شغلے بدیں است و متفق علیہ جمیع سلاسل ایں پس طالب وصل را واجب است کہ از ارتکاب آں مشغولی کہ او را از خود بربایدو ہیچ امر دریں باب چوں ذکر و فکر نیست۔ اما مقدم دارد بعضے اقسام ذکر را بر بعضے کہ ترتیب مشائخ چنیں بودہ است لقمہ کلام مشائخ در حدود اقسام ذکر و فکر بغایت مختلف است لیکن عمدہ قول ابی عبدالرحمن السلمی است کہ گفت ذکر بر چند قسم است یکے ذکر لسان است و آں ظاہر ست و یکے ذکر قلب است و آں تصفیہ کردن دل است از ہواجس نفسانی و وساوس شیطانی جہت انہماک در ذکر حق تعالیٰ و یکے ذکر سر است و آں پر کردن باطن است تا ہرگز راہ نیابد خواطر ہنگامیکہ ارادہ میکند ورود او و ازیں معلوم شد کہ ذکر سر اثر ذکر قلب است و سر لطیفہ ایست فوق قلب و دوام حضور از مقتضیات سر است و قلب بسبب تقلبانی کہ دارد مساعدت دوام حضور نمی آید و یکے ذکر روح است

فعل او و داند و باثر از او بیابد

نکالکر فناء الفنا تک اور اس سے آگے بقاء البقا کی سرحد تک پہونچادے گا تو خدا ہی کی ذات کو اور اسی کی صفت کو دیکھیگا اور تمام اسی کا اثر پائیگا اور سب فعل اسی کا معلوم ہوگا اور جو اعمال اس کام کے معین ہوں اختیار کرے اور مخل سے بچتا رہے کہ تمام اہل شغل کا یہی مرجع ہے اور تمام سلسلہ کے لوگوں کا اسپر اتفاق ہے پس طالب وصل کو لازم ہی کہ ایسے اشغال کو اختیار کرے جس سے بیخودی پیدا ہو اس باب میں ذکر اور فکر سے بڑھکر کوئی عمل نہیں ہے لیکن ذکر کے بعض اقسام ہیں کہ بعض بعض پر مقدم ہیں اور مشائخ نے اسی ترتیب سے اسکو رکھا ہی لقمہ مشائخ رحمہم اللہ کا کلام تعریف میں اقسام ذکر اور فکر کے بہت مختلف ہے لیکن عمدہ قول ابی عبدالرحمن السلمیؒ کا ہی فرماتی ہیں کہ ذکر چند قسم پر ہے ایک ذکر زبانی ہی اور یہ تو ظاہر ہے اور ایک ذکر دل کا ہے جو نفسانی خطرے اور شیطانی وسوسہ سے دل کی صفائی کرتا ہے تاکہ حق تعالیٰ کے ذکر میں انہماک پیدا ہو اور ایک ذکر سر کا ہے جو باطن کو اس طرح بھرتا ہے کہ اگر کوئی خطرہ دل میں آنیکا ارادہ کرے تو ہرگز نہ آسکے اس سے معلوم ہوا کہ ذکر سر ذکر قلب کا اثر ہے اور سر ایک لطیفہ ہے جو فوق قلب ہے اور دائمی حضور سر کا مقتضا ہی اور ذکر قلب میں چونکہ ہر وقت انقلاب ہے اسواسطے اس سے حضور دائمی نہیں ہوتا اور ایک ذکر روح ہے

وآں فانی شدن ذاکر است از صفت خویش چوں می بیند کہ حق تعالےٰ امر آں ذاکر را ذکر مے کند پس باقی نمی ماند مر او را ذکر و نہ حال و نہ وصف برائے علم آنکس برایں کہ حق تعالیٰ ذاکر است او را قبل از ینکہ ذکر بکند ذاکر مر حق تعالےٰ را شعر عجب است با وجودت کہ وجود من بماند ؛ تو بگفتن اندر آئی مارا سخن بماند ؛ باز گفت ہمچنیں فکر نیز اقسام است یکے تفکر سالک است در آنچہ جاری مے شود بروے از مخالفات و معاصی و عجز ازیں اداے حقوق حق تعالےٰ۔ و یکے تفکر سالک است در آنچہ خدائے تعالےٰ با او احسان و الطاف نمودہ وایں در مقابل آں ترک شکر کردہ و در ینکہ اگر شکر بکند ہم ناقص و قاصر خواہد بود و یکے تفکر اوست در سابق ازل وَجَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِمَّا السَّعَادَةُ وَإِمَّا الشَّقَاوَةُ و در لاحق آں سابق جلوہ نماید و یکے تفکر اوست در بدائع و صنائع ملکی و ملکوتی و ازیں مطابقۃ استیلاء عظمت و کبریاء حق تعالےٰ بر دلش تازہ گردد پس یاد کند وعدہ و بند را

جس سے ذاکر اپنی صفت سے فنا ہو جاتا ہے جب ذاکر کو معلوم ہوتا ہے کہ خود حق تعالیٰ اُس کا ذکر کرتا ہے تو اُسکا نہ ذکر باقی رہتا ہے نہ حال اور نہ وصف اسوجہ سے کہ وہ اس بات کو جانتا ہے کہ میرے ذکر کرنے سے پہلے ہی میرا ذکر اللہ تعالیٰ کرتا ہے ؎ عجب است باوجودت کہ وجود من بماند ؛ تو بگفتن اندر آئی مارا سخن بماند یعنی تعجب کی بات ہے کہ تیرے وجود کے سامنے میرا وجود باقی رہے اور جب تو بات کرنے لگے تو میں بول سکوں۔ اس کے بعد ابو عبدالرحمٰن اسلمی فرماتے ہیں کہ جیسے ذکر کے چند اقسام ہیں اسی طرح فکر کے بھی چند قسم ہیں ایک سالک کا تفکر ہے جو گناہ اور مخالفات کے خیال میں اور حق تعالیٰ کے حقوق نہ ادا کر سکنے ہوتا ہے اور ایک اسکا تفکر وہ ہے کہ حق تعالیٰ کا احسان اور اُس کے کرم کا شکر ادا نہ کیا اور جو ادا بھی کیا تو اُس احسان کے مقابلہ میں بہت کم اور ناقص سا اور ایک اس کا تفکر اس بات کا جو ازل میں ہو چکی ہے اور اب اُسکا ظہور ہوتا ہے جیسا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے جف القلم بما ہو کائن اما السعادۃ واما الشقاوۃ یعنی ہونے والی چیزوں کو لکھکر قلم سوکھ گیا اب یا سعادت ہے یا شقاوت اور ایک اُس کا تفکر ملکی اور ملکوتی صنائع اور بدائع میں ہے جس سے حق تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی کا دبدبہ سالک کے دل پر تازہ ہو جاتا ہے اور جس سے وعدہ وعید اُسے یاد آجاتے

را باز گفت بدانکہ جلیس متفکر نفس است و
جلیس ذاکر حق تعالے است و لہذا ائمہ ذکر را
بر فکر ترجیح دادہ اند انتہی کلامہ وایضاً ذکر
صفت حق تعالیٰ است بخلاف فکر پس آنچہ
صفت اوست اتم است و آنچہ صفت او
نیست ناقص و ذاکر در حقیقت راجع بسوئے
ذات حق تعالے است چہ ذکر نتیجہ معرفت
و محبت است و متفکر در مطالبہ نفس و وقت
و حال و قلت و کثرت و زیادت و نقصان
و محاسبہ انفاس خویش است و بالجملہ ذکر مستنتج
فکر است و فکر مستنتج ذکر لیکن ذکر اتم و اعلےٰ
و اصفےٰ از فکر است چہ فکر مقدمہ توبہ است
و ذکر مقدمہ وصول است حق تعالیٰ فاذکرونی
اذکرکم گفت پس خود را بذکر موصوف ساخت
نہ بفکر تتمہ عارف ربانی عبدالکریم جیلی ثم
الزبیدی مے گوید علامت آں کسیکہ اورا
ذکر قلب حاصل ست آنست کہ بشنود
از ہمہ اشیا یا از بعض اشیا ذکریکہ ذاکر است
بآں ذاکر در ہمہ اوقات یا اکثر اوقات
بر قدر ملبوس آں ذاکر و تمکن او در آں مقام و
علامت آنکہ مر اورا ذکر روح ست آنست کہ
بشنود از ہمہ اشیا تسبیح مخصوص و نہ بیند فاعلیت غیر سبحانہ
و تعالیٰ و احمد بن غیلان مکی گوید کہ ذکر قلب استوار حضور حق

ہیں۔ اسکے بعد پھر حضرت ابو عبدالرحمٰن اسلمی فرماتے ہیں
کہ جاننا چاہیئے کہ متفکر کا جلیس نفس ہے اور ذاکر کا جلیس
حق تعالیٰ ہے اسیواسطے اماموں نے ذکر کو فکر پر
ترجیح دی ہے یہانتک ابو عبدالرحمٰن اسلمی کا قول تمام ہوا
اور ایک دلیل ذکر کے فکر پر ترجیح ہونیکی یہ بھی ہے کہ ذکر حق
تعالیٰ کی صفت ہے اور فکر ایسا نہیں ہے تو جو اسکی صفت ہے
ضرور کامل ہے اور جو اسکی صفت نہیں ہے وہ ناقص ہے
اور ذاکر فی الحقیقت اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف راجع ہے کیونکہ
معرفت اور محبت کا نتیجہ ذکر ہی ہے اور متفکر اپنے نفس اور وقت
اور حال اور قلت اور کثرت اور زیادتی اور نقصان کا مطالبہ
اور انفس کا محاسبہ کرتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ ذکر فکر کے تابع
ہے اور فکر ذکر کے مگر ذکر فکر سے بہت کامل اور اعلیٰ اور اصفےٰ
ہے کیونکہ فکر توبہ کا مقدمہ ہے اور ذکر اللہ تعالیٰ کے وصول
کا اللہ تعالیٰ نے فرمایا فاذکرونی اذکرکم یعنی تم میرا ذکر کرو میں
تمہارا ذکر کروں یہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے تئیں ذاکر کہا متفکر
نہیں کہا تتمہ عارف ربانی حضرت عبدالکریم گیلانی زبیدی
فرماتے ہیں کہ جسکو ذکر قلب حاصل ہوگیا ہے اس کی یہ علامت
ہے کہ ذاکر اپنے ذکر کو ہر وقت یا بعض وقت بقدر اپنی
قوت اور استعداد کے تمام چیز یا بعض چیز سے سنتا
ہے اور جسکو ذکر روح حاصل ہوگیا اس کی نشانی یہ ہے
کہ تمام چیز سے تسبیحات مخصوصہ سنتا ہے اور سوائے
حق تعالے کے فاعل کسیکو نہیں دیکھتا۔ احمد بن غیلان
مکی فرماتے ہیں کہ ذکر قلب میں حضور حق اور حضور

وخلق است وذکر روح غلبہ حضور حق بہ نسبت حضور خلق وذکر سر این است کہ نباشد مراورا حضوری غیب حضور حضرت حق وذکر خفی اینست کہ مختفی شود وجود در روح چون خفاء کون در سر انتہیٰ کلامہم قدس اسرارہم
لقمہ بدانکہ ذکر ضد نسیان است پس آنچہ ترا ازان یاد مقصود حاصل شود توسل والتفات بآن عبادت است سَوَاءٌ کَانَ اِسْمًا اَوْ رَسْمًا اَوْ فِعْلًا اَوْ جِسْمًا اَوْ جِسْمَانِیًّا اَوْ مُجَرَّدًا اَوْ غَیْرَ ذٰلِکَ ؕ و آنچہ ترا ازان نسیان مقصود حاصل شود توسل والتفات بآن ضلالت و بطالت بود سَوَاءٌ کَانَ اِسْمًا اَوْ غَیْرَ ذٰلِکَ پس ہمہ افعال واقوال واحوال صوفی بشرط تذکر و تیقظ و انتباہ ہمہ ذکر است وبشرط عدم

بیت

گر با تو بوم مجاز من جملہ نماز ؛ گر بے تو بوم نماز من جملہ مجاز

لقمہ

بدانکہ بعضے گویند اقسام ذکر بسیار است ذکر لسان بجہر یا بخفیہ ذکر قلب ذکر روح ذکر سر ذکر خفی ذکر اخفی ذکر اخفی الخفی ذکر لسان لفظی است کہ معتبر است در وے ہیئت حروف وتقدم وتاخر بعضہا علی بعض و حرکات وسکنات این را اگر بصوت یاد کنند

خلق برابر ہے اور ذکر روح میں حضور خلق کی نسبت حضور حق کو غلبہ ہے اور ذکر سر یہ ہے کہ ذاکر کو سوائے حضور حق کے کوئی حضور نہیں ہوتا اور ذکر خفی یہ ہے کہ وجود روح میں چھپ جاتا ہے جیسے مخلوقات ذکر سر میں چھپ جاتے ہیں ختم ہوا کلام حضرت احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ کا
لقمہ جاننا چاہیئے کہ ذکر نسیان کی ضد ہے تو پھر جس سے مقصود کی یاد حاصل ہو اُسکا وسیلہ پکڑنا اور اسکی طرف متوجہ ہونا عبادت ہے خواہ وہ شئی اسم ہو یا رسم فعل ہو یا جسم یا جسمانی ہو یا مجرد یا اسکے سوا اور کچھ ہو اور جس سے مقصود بھول جائے اس کا وسیلہ پکڑنا اور اس کی طرف متوجہ ہونا گمراہی اور بطالت ہے چاہے وہ شے اسم ہو یا اُسکے سوا اور کچھ ہو پس صوفی کے تمام افعال اور اقوال بشرطیکہ اُنسے یاد اور بیداری اور آگاہی ہو وہ ذکر ہیں اور جو ایسے نہ ہوں وہ ذکر نہیں ہیں بیت ۔
گر با تو بوم مجاز من جملہ نماز ؛ گر بے تو بوم نماز من جملہ مجاز
یعنی اگر میں تیرے ساتھ ہوں تو میری مجاز ساری نماز ہے اور اگر بے تیرے ہوں تو میری نماز ساری مجاز ہے
لقمہ جاننا چاہیئے کہ بعضے لوگ کہتے ہیں کہ ذکر کے بہت سے اقسام ہیں ذکر لسان[۱] خواہ زور سے ہو یا آہستہ سے ذکر قلب[۲] ذکر روح[۳] ذکر سر[۴] ذکر خفی[۵] ذکر اخفی[۶] ذکر اخفی الخفی۔ ذکر لسان لفظی ہے کہ جس میں حروف کی ہیئت اور بعضے حروف کی بعض پر تقدیم وتاخیر اور حرکات و سکنات معتبر ہیں اگر ان کو آواز سے ادا کریں تو

جہر شود و بے صوت گویند خفیہ باشد
و ذکر قلب مطالعۂ لفظ است یا حضور مدلول
و آں اسم است بے اعتبار تقدم
و تاخر و حرکات و سکنات بل حضور آں
اسم است یک مرتبہ مرتبۃ الحروف و
الحرکات والسکنات و ذکر روح فراموشی
ازاں لفظ اسم است و حضور مسمیٰ و ایں
متفاوت است بحسب حالات ذاکرین
بعضے را گاہ باشد و اکثر نباشد و بعضے را عکس ایں و
بعضے را دوام لیکن دانند کہ ما ذاکریم و ذکرے درمیان داریم و
مذکور مقصود ماست کہ حاضر است پیش بصیرت
ما و ایں ہنوز انحطاط دارد و نہایت آنست
کہ ذکر و ذاکر نیز از میان برخیزد و برداشتہ
گردد و غیر مذکور معلوم و مفہوم نماند و لذت ذکر نیز
برخیزد و علم بایں لذت نیز نماند و
اخفیٰ و اخفیٰ اخفیٰ نیز ایں مقام دارند و بواقی
برایں مراتب کہ گفتہ شد فرود آرند

لقمہ

شیخ شرف الدین یحییٰ منیری قدس سرہ میفرمایند
کہ ذکر بر چہار وجہ است اول لسان ذاکر
است و دل غافل ست در معدن المعانی
دوم زبان ذاکر ست و دل با او یار است

جہر ہے اور بے آواز کے خفی ہے اور ذکر قلب لفظ کا
مطالعہ کرنا یا اسم کے معنی کو دل میں حاضر رکھنا ہے بلا لحاظ تقدم
اور تاخر اور حرکات اور سکنات حروف کے بلکہ یکمرتبہ اس
اسم کے حروف اور حرکات اور سکنات کو دل میں حاضر
کر لینا ہے اور ذکر روح اُس اسم کے لفظ کی فراموشی اور
اُسکے مسمیٰ کو دل میں حاضر کر لینے کا نام ہے اور یہ ذکر
ذاکرین کے حالات کے اعتبار سے مختلف ہوا کرتے
ہیں بعضے کو کبھی ہو جاتا ہے اور اکثر نہیں ہوتا ہے
اور بعضوں کو اس کے برعکس (اکثر ہوتا ہے اور کبھی نہیں
بھی ہوتا) اور بعضوں کو ہمیشہ ہوا کرتا ہے لیکن ان
لوگوں کو خبر رہتی ہے کہ ہم ذاکر ہیں اور ہمارے اور مذکور
کے درمیان میں ذکر ہی ہے اور ہمارا مقصود مذکور ہے
جو ہماری بصیرت کے سامنے حاضر ہے اور یہ ابتک انحطاط
کے درجہ میں ہے اور اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ ذکر اور ذاکر کا
نام و نشان بھی درمیان سے اُٹھ جاتا ہے اور مذکور کے
سوا کچھ بھی جاننا بوجھنا نہیں اور ذکر کی لذت بھی نہیں
رہتی اور اس لذت کو جانتا بھی نہیں اور ذکر اخفیٰ اور
جو باقی ہیں اُن کو اُنھیں مراتب پر جو مذکور ہوئے محمول
کرتے ہیں لقمہ حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیری
فرماتے ہیں کہ ذکر چار طور پر ہے اول معانی کی
معدن میں زبان ذاکر ہے اور دل غافل ہے
دوسرے زبان ذاکر ہے اور دل بھی اسکے موافق ہے

اینقدر ہست کہ دل گاہ گاہ غافل می شود
بخلاف زبان سوم موافقت دارد زبان با دل
و دل با زبان لیکن گاہ گاہ ہر دو غافل
می شوند چہارم زبان غافل و عاطل
باشد و دل ذاکر و حاضر باشد و این انتہائے
مقامات ست تمام کار ضروری حضور و آگاہی
ست و این است حقیقت ذکر و حاصل می شود
ذاکر را دریں مرتبہ سماع صوت دل خویش و
نمی شنود آن صوت غیر ذاکر انتہی کلامہ
لقمہ۔ بعضے فرمودہ اند کہ اصلح بحال مبتدی
ذکر ست و بحال متوسط تلاوت قرآن و بحال
منتہی نماز نفل۔ اما مختار این بےہیچ آنست
کہ اقتصار بر ملازمت ذکر خفی و تصفیہ دل از
نقوش اغیار و عدم التفات بماسوے و توجہ
و عزیمت البوتے حضور و انس و فنا در حضرت
قدس و محویت دریں و محو و طمس و طلس
دریں کار اقرب اقارب و اوصل واصل ست
اگرچہ دانم کہ اکثر انواع عبادات از و فوت
می شود لیکن چہ باک کہ ایشان را ایں طور جابر
المہر نقصان است لقمہ و ما ایجاب بعضے
آداب ذکر بیان کنیم بدانکہ آداب ذکر را در منہج
السالک الی اشرف المسالک بست آداب تعداد
نمودند پنج قبل از شروع در ذکر و دوازدہ وقت ذکر و سہ

لیکن اتنا ہے کہ دل کبھی کبھی غافل ہو جاتا ہے مگر زبان
کا ذکر نہیں جاتا تیسرے زبان دل سے اور دل زبان سے
موافق ہے لیکن کبھی کبھی دونوں غافل ہو جاتے ہیں چوتھے
زبان غافل اور بیکار ہوتی ہے مگر دل ذاکر اور حاضر
رہتا ہے اور یہ اعلیٰ درجہ مقامات کا ہے یہاں پر سارا
ضروری کام حضور اور آگاہی ہے اور یہی ذکر کی حقیقت
ہے اور ذاکر کو اس مقام میں بھی وہ رتبہ حاصل ہو جاتا
ہے کہ اپنے دل کی آواز کو سنتا ہے اور ذاکر کے ماسوا
کوئی اس آواز کو نہیں سن سکتا ختم ہوا شیخ کا کلام
لقمہ۔ بعضے فرماتے ہیں کہ مبتدی کے لائق ذکر ہے اور متوسط
کے مناسب تلاوت قرآن اور منتہی کے واسطے نماز نفل ہے
لیکن میرے نزدیک مختار یہ ہے کہ ذکر خفی پر فقط ملازمت
کرنا اور غیروں کے نقوش سے دل کو صاف رکھنا اور خدا کی
سوا کی طرف توجہ نہ کرنا اور یکسوئی اور مصمم قصد کر لینا حضور
کی طرف اور حضرت قدس میں انس حاصل کرنا اور فنا ہونا اور
اسی میں محو ہو جانا اور اسی کا ذلیل اپنے کو مٹا دینا اقرب
الی المقصود اور اوصل الی المطلوب ہے اگرچہ مجھے معلوم ہے
کہ اکثر قسم کی عبادات اس صورت میں فوت ہو جائینگی لیکن
کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ طور اس کا ہر نقصان کو رفع کر دیگا
لقمہ۔ اب ہم ذکر کے چند آداب بیان کرتے ہیں
جاننا چاہیے کہ کتاب منہج السالک الی اشرف المسالک
میں آداب ذکر کو بیس عدد لکھا ہے پانچ ذکر کے شروع
کرنے سے پہلے اور بارہ ذکر کے وقت میں اور تین اسکے

بعد از ذکر اما قبلی پس آن توبہ و اطمینان و طہارت و استمداد از شیخ و علم آنکہ استمداد از شیخ استمداد بہ پیغمبر است صلے اللہ علیہ وسلم و آں استمداد بحضرت حق است جل و علا۔ اما جنبی پس آن تربیع یا قعدہ صلوٰۃ و وضع و وکف بر دوران و تعطیر مجلس ذکر و لبس ثیاب طاہر و تاریکی حجرہ و پوشیدن ہر دو چشم و محکم بستن سوراخ ہر دو گوش و احضار صورت شیخ و این او کد شرائط است و صدق در ظاہر و باطن و اخلاص و مراد از صدق اینجا عدم مبالغہ عمل خود است بغیر حق تعالی۔ و از اخلاص عدم ریا و سمعہ و اختیار کلمہ توحید بر غیر آن از اذکار و احضار معنی این کلمہ در ہر بار بسبب نفی کردن ہر موجودی را از ساحت حضور بمراقبہ موجود حقیقی۔ و این بیہیچ می گوید این شرط نیز از او کد شروط است و دخل در کار۔ و اما بعدیے پس آن خاموشی بعد ذکر تا دیرے و حبس نفس و عدم استعمال مبردات مثل مارد ہوائے خنک تا سرد کنند حرارت دل را و صاحب منہج

بعد لیکن جو ذکر سے پہلے ہیں وہ یہ ہیں توبہ کرنا اور دل کو مطمئن رکھنا اور طہارت حاصل کرنا اور شیخ سے مدد لینا اور یہ بات جاننا کہ شیخ سے مدد لینا گویا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد لینا ہے اور وہ حضرت حق جل و علا ہے لیکن وہ آداب جو ذکر کے وقت میں ہیں وہ یہ ہیں دو زانو بیٹھنا جیسے نماز میں بیٹھتے ہیں اور دونو ہاتھ دونو ران پر رکھنا اور ذکر کی مجلس کو خوشبودار کرنا اور پاک کپڑا پہننا اور حجرہ کا تاریک ہونا اور دونو آنکھوں کا اور کان کے دونوں سوراخ کو بند کرنا اور شیخ کی صورت دل میں حاضر رکھنا اور ظاہر و باطن صدق اور خلوص اور فقط کلمہ توحید کا اختیار کر لینا اور کلمہ توحید کے معنی کو ہر بار ذہن میں رکھنا کہ موجود حقیقی کے موجود ہوتے ہوئے ہر وہی موجودات معدوم ہے مراد صدق سے یہاں پر یہ ہے کہ حق تعالی ہی کے لئے اپنے اعمال میں مبالغہ کرے اور اخلاص سے مراد یہ ہے کہ ریا کاری اور دکھاوے کے واسطے نہ کرے اور شرائط میں جو شیخ کی صورت دل میں حاضر کرنی اور کلمہ کے معنے کو ذہن میں رکھنے کو کہا گیا ہے یہ دونوں ضروری شرط ہیں اور بر آمد حاجات میں اسکو بڑا دخل ہے۔ اب جو ذکر کے بعد کے آداب ہیں وہ یہ ہیں کہ ذکر کے بعد دیر تک چپکا رہنا اور سانس کو روک رکھنا اور سرد جیسے پانی اور سرد ہوا کا استعمال نہ کرنا کیونکہ اس سے دل کی حرارت فرو ہو جاتی ہے اور منہج السالک

بعضے فوائد این ذکر نوشتہ از انجملہ آنست کہ
ذکر کلمہ توحید انس بحضرت قدس می بخشد
پس آنکہ ذکرش زیادہ بود و زیادتی در انس
نیابد غافل ست مر بعضے شروط را احتیاط
کند و از سر گیرد۔ و ابن عطاء اللہ شاذلی
رحمۃ اللہ تعالے علیہ گوید کہ لا الہ الا
اللہ محمد رسول اللہ گوید عرش
عظیم بحرکت در آید ازین جہ اصل
این کلمہ از جبروت است و مر او را نسبتے
است بملک و صعود یست بملکوت و متعلق
بحقائق عالم نیست و از انجملہ آنست کہ ہر کہ
ہر صباح بطہارت ہزار بار گوید آسان شود
بروئے اسباب رزق۔ و این بے ہیچ میگوید
شاید مراد از رزق عام تر است از آنکہ روحانی
باشد یا جسمانی و از انجملہ آنست کہ چون کسے نزد
خواب رفتن ہزار بار گوید بیتوتت کند روح او تحت
عرش و قوت خورد بحسب قوت خویش۔ و از انجملہ
آنست کہ چون کسے بگوید ہزار بار بوقت استوا
شکست خورد شیطان از باطن وی و از انجملہ آنست
کہ ہر کہ بگوید ہزار بار نزد دیدن ہلال حفظ کند
اورا اللہ تعالے از جمیع اسقام و از انجملہ
آنست کہ ہر کہ ہزار بار بگوید نزد داخل
شدن در شہر یا خروج از شہر خدائے تعالے

مصنف نے اس کے بعد اس ذکر کے چند فائدے بھی لکھے
ہیں انمیں سے ایک یہ ہے کہ کلمۂ توحید کا ذکر حضرت قدس
میں انسیت پیدا کرتا ہے پھر جو کوئی ذکر زیادہ کرے اور
انس حضرت قدس کا زیادہ نہ ہو تو جانے کہ ضرور اسے
کچھ شرائط کو چھوڑ دیا ہے پس انکو اختیار کرنا چاہیئے
اور از سر نو شروع کرنا چاہیئے۔ اور ابن عطاء اللہ شاذلی
رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
کہتا ہے تو عرش عظیم ہلنے لگتا ہے اس کی وجہ یہ ہے
کہ یہ کلمہ جبروتی ہے اور اس کو ملک کے ساتھ نسبت ہے
اور ملکوت پر جا لگتا ہے اور عالم کی حقیقت سے اس کو کچھ
تعلق نہیں ہے اور دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جو شخص صبح
کے وقت طہارت کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھیگا اللہ تعالے
روزی کے اسباب اسپر آسان کر دیتا ہے۔ حضرت مصنف
اس رسالہ کے فرماتے ہیں کہ غالباً روزی سے مراد عام
ہو خواہ روحانی ہو یا جسمانی۔ تیسرا فائدہ یہ ہے کہ جو شخص
ہزار مرتبہ پڑھکر سو رہے اس کی روح عرش کے نیچے
پہونچکر اپنی قوت کے موافق روزی پاویگی۔ چوتھا فائدہ
یہ ہے کہ جو شخص دوپہر کے وقت ہزار مرتبہ پڑھ لے
تو اسکے باطن سے غلبہ شیطانی جاتا رہے گا۔ پانچواں فائدہ
یہ ہے کہ جو شخص ہلال دیکھنے وقت ہزار مرتبہ پڑھ لے
اللہ تعالی اس کو تمام بیماریوں سے محفوظ رکھیگا۔ چوتھا
فائدہ یہ ہے کہ جو شخص شہر میں داخل ہونے کے وقت
یا خارج ہونیکے وقت ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالے

اور ا مامون و مصون دارد از ما یخاف و
یحذر و از انجمله آنست که ہر کہ ہزار بار بگوید
آن را بجمع فکر و حضور و بفرستد جانب ظالم جبار
عنید پائمال کند اورا و نیست و نابود سازد
اورا. و از انجمله آنست که ہزار بار خواند او را
و قصد بکند بر اطلاع کشف غیوب کشف
شود بروے اسرار ملک و ملکوت و از انجمله
آنست ہر کہ اورا ہفتاد ہزار بار بگوید داخل کند
اورا اللہ تعالی در جنت لقمہ۔ بعضے عارفان
گفتہ اند از ذکر لسانی میرسد سالک بجانب
ذکر قلب پس در حالت جمع لسان و جنان
بیشک امر ذکر ترتیب بہ کمال است و این
ترتیب در اکثر سلاسل است اما سلسلہ
نقشبندیہ اقتصار بر ذکر قلبی بجذب باطن
می کنند و مبتدیان را ہمین ذکر آغاز دہ
گویند سہ اول ما آخر ہر منتہی ؛ زآخر ماجیب تمنا تہی
اما پیدا است کہ آنچہ برائے منتہیان سلاسل
دیگر حاصل می شود برائے مبتدی این
سلسلہ پیدا نمیشود آرے طریق ترتیب
درین سلسلہ چنین است پس فرق
باشد میان صاحب ذکر قلبی مجذوب کہ
منتہی از سلسلہ دیگر است و صاحب ذکر
قلبی مجذوب کہ مبتدی این سلسلہ است

اسکو تمام خوفناک چیزوں سے محفوظ رکھے گا ساتواں
فائدہ یہ ہے کہ جو شخص اطمینان اور حضور قلب سے ہزار
مرتبہ پڑھکر سرکش ظالم جبار کی طرف دم کرے تو
اللہ تعالی اسکو برباد و نیست و نابود کریگا۔ آٹھواں فائدہ
یہ ہے کہ جو شخص ہزار مرتبہ اس قصد سے پڑھے کہ اسپر
غیب کی باتیں ظاہر ہو جائیں تو اللہ تعالی اسپر ملک و ملکوت
کے پردے کھولدیگا۔ نواں فائدہ یہ ہے کہ جو شخص اسکو
ستر ہزار مرتبے پڑھے گا تو اللہ تعالی اسکو جنت میں داخل
کریگا لقمہ بعض عارفین فرماتے ہیں کہ لسانی ذکر
سے سالک ذکر قلب کو پہونچ جاتا ہے پس جب زبان
اور دل دونو یکساں ہیں تو بے شبہ ذکر بہ ترتیب کمال
کو پہونچ جائیگا اور یہ ترتیب اکثر سلسلے میں ہے مگر
سلسلہ نقشبندیہ میں جذب باطن کیساتھ ذکر قلبی پر
اقتصار کرتے ہیں اور مبتدی اسی ذکر سے شروع کرتے
ہیں اور کہتے ہیں سہ اول ما آخر ہر منتہی ؛ زآخر
ماجیب تمنا تہی ؛ یعنی ہر منتہی کا جو آخر ہے وہ ہمارا
اول ہے اور تمنا کی جیب ہمارے آخر سے خالی ہے مگر
ظاہر ہے کہ جو دوسرے سلسلے کے منتہی لوگوں کو حاصل
ہوتا ہے وہ اس سلسلے کے مبتدی لوگوں کو حاصل نہیں ہوتا
ہاں اس سلسلہ میں طریقہ تعلیم کا اسی طور سے رکھا گیا
ہے پس دوسرے سلسلے کے منتہی لوگ جو ذکر قلبی سے
مجذوب ہو جاتے ہیں اور مبتدی لوگ اس سلسلہ کے
جو ذکر قلبی سے مجذوب ہو جاتے ہیں ان دونوں میں فرق ہے

لقمہ - وبعضے فقہا انکار می کنند ذکر قلبی را و
حصر می کنند امر ذکر را در لسان واین نیست
مگر مکابرہ صرف - چہ ذکر ضد نسیان است و
این صفتِ قلب است خاصۃً آرے برائے
ہر واحد احکام مختصہ است کہ مترتب میشود بر ہر واحد

لقمہ بدانکہ حبس نفس در ذکر نزد
بعضے اصل قوی است بلکہ اصل الاصول
است در نفی خواطر و شرط کردہ اند
چشتیان و کبرویان و شطاریان و قادریان
لیکن نقشبندیان شرط نہ کردہ اند و نیز
منکر اولویت نیستند- اما سہروردیان شرط
می کنند عدم حبس را و باین رفتہ است
شیخ بہاء الدین عمر و زین الدین الخوافی
قدس سرہما و این ہر دو از اکابر سلسلہ
سہروردیہ اند- و این بےہیچ معروض میدارد
کہ این جا دو امر است یکے حبس نفس و دیگر
حصر نفس- و حبس نفس بر دو وجہ است
بتخلیہ و تملیہ- اما تخلیہ کشیدن نفس از
جانب بطن و جلب سرہ و اطراف
آن بجانب ظہر و حبس نفس در صدر و نزد
بعضے در دماغ و حاجت نیست کہ انگشتان
را بر خیشومین و صماخی الاذنین و عینین
نہند چنانچہ بعضے برائے احتیاط میکنند و اصل

لقمہ بعضے فقہا ذکر قلبی کا انکار کرتے ہیں اور ذکر
کو فقط لسان ہی پر منحصر کرتے ہیں اور یہ ہٹ دھرمی کی
بات ہے اسواسطے کہ ذکر نسیان کا ضد ہے اور یہ خاص
کر کے قلب کی صفت ہے ہاں اتنی بات البتہ ہے کہ
ہر ایک کے لئے احکام مختصہ ہیں کہ اسپر مترتب ہوتے ہیں-

لقمہ جاننا چاہیئے کہ ذکر میں حبس نفس کرنا بعضوں
کے نزدیک عمدہ اصل ہے بلکہ خطرات کے مٹانے
مین اصل الاصول ہے اور چشتیہ اور کبرویہ اور شطاریہ
اور قادریہ سلسلہ کے لوگوں نے حبس نفس کو شرط
قرار دیا ہے مگر نقشبندیہ نے اُس کو شرط نہیں کہا اور
اسکے اولی ہونے کے منکر بھی نہیں ہیں- البتہ طریقہ
سہروردیہ کے لوگ فرماتے ہیں کہ حبس نفس کا
نہ ہونا شرط ہے چنانچہ یہی مسلک ہے حضرت بہاء الدین
عمر اور زین الدین خوافی قدس سرہما کا جو سلسلۂ سہروردیہ
کے بڑے لوگوں میں سے ہیں- مین کہتا ہوں کہ یہاں
دو امر ہین ایک حبس نفس اور دوسری حصر نفس
حبس نفس دو طور پر ہے تخلیہ سے ہو یا تملیہ سے
پس دم کا کھینچنا شکم کی طرف سے اور ناف اور اُس کے
اطراف کا کھینچنا پشت کی جانب اور دم کا روکنا سینہ میں
اور بعضوں کے نزدیک دماغ میں اُس کا نام تخلیہ ہے اور
اس کی حاجت نہیں ہے کہ انگلیوں کو دونوں ناک کے پردے
اور دونوں کان کے سوراخ اور دونوں آنکھوں پر رکھے
جیسے بعضے لوگ احتیاطًا اس کو کرتے ہیں اور اصل طریقہ

دریں انیست کہ میان قعر حوض در آیند و غوطہ در
آب زنند و ایں عمل نمایند کہ ایں طریقہ را خضر
علیہ السلام مر شیخ عبدالخالق غجدوانی را ارشاد کردہ
و ایں طریقی است کہ تاثیر ازیں بسیار امید است و اما تملیہ
کشیدن نفس است بباطن و حبس آں در باطن بالنفخ
و دریں صورت بسبب نفخ بطن سرہ از ظہر بعید
تر می شود لیکن اول حرارت کثیر می انگیزد و دوم ہضم
طعام بسیار میکند و حصر نفس عبارت است از قطع نفس از ہر دو طرف
یعنی بدرازی معہود نکشند بلکہ از معہود کوتاہ کشند و
شک نیست کہ ایں حرارتے در دل پیدا کنا آرے حرارت حبس
بیش از حرارت حصر است و ایں جملہ در نفس مسافر است
اما نفس مقیم متصف بحرارت و برودت نیست و
تقاضا نمیکند دل استبدال آنرا بلکہ آں کائن غیر
بائن است ثابت می باشد نزد حبس نفس و تسریح
آں یعنی سر دادن آں و حصر نفس و تطلیق آں پس
اگر کسے شناسد آنرا و اگر داند معیار ہر ذکر
را پس آں دائم الذکر باشد و مطابقت کند
رشتۂ حضور یاد و ممتد مے باشد بقدر
امتداد وے باید دانست کہ در ایام حبس تحاشی
بکنند از اغذیہ مرطبہ بغایت رطوبت و
ہمچنیں از حامض گاہ باشد کہ در اوائل
دم ظاہر شود از صماخی الاذنین یا از
جنبتوی الانف یا در براز اما نترسد

اس عمل کا یوں ہے کہ حوض میں جا کر غوطہ مار کر یہ عمل
کریں اور اس طریقہ کو حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت
عبدالخالق غجدوانی کو بتلایا تھا اور یہ ایسا طریقہ ہے
جس سے بہت کچھ تاثیر کی امید ہے۔ اور دم کا اندر کی
جانب کھینچکر نفخ کے ساتھ بند کر لینا اسکا نام تملیہ ہے
اس طریقہ میں بسبب نفخ شکم کے ناف پشت سے بہت
دور پڑ جاتی ہے مگر پہلے طریقہ میں بہت حرارت پیدا ہوتی
ہے اور دوسرے میں کھانا ہضم ہوتا ہے اور دم کا قطع
کرنا دونوں طرف سے اسطور پر کہ معہود تک دراز نہ کریں بلکہ
اس سے کم کھینچیں اسکا نام حصر نفس ہے اور اسمیں شک
نہیں ہے کہ یہ عمل دل میں حرارت پیدا کرتا ہے مگر
پھر بھی حرارت حبس نفس کی اس سے بڑھکر ہے اور یہ سب
باتیں نفس مسافر میں ہوتی ہیں اور نفس مقیم میں حرارت
اور برودت نہیں ہوتی اور دل اسکا بدلنا گوارا نہیں
کرتا بلکہ وہ حبس نفس اور حصر نفس اور اسکے بعد ہمیشہ
رہتا ہے اور جدا نہیں ہوتا پس جو کوئی اسکو پہچان لے
اور ذکر کی کسوٹی بنا لیوے تو دائم الذکر ہو جائیگا اور
حضوری کا سلسلہ اسکے لئے موافق ہوتا جائے گا اور
جسقدر اسکو بڑھاتا جائیگا حضوری بڑھتی جائے گی
جاننا چاہیئے کہ حبس نفس کے زمانہ میں جو غذا کہ بہت
مرطب یا ترش ہے اس سے بچنا چاہیئے اور کبھی اوائل
میں دونوں کانوں کے پردے یا دونوں ناک کے سوراخ سے
یا براز میں خون جاری ہوجاتا ہے اس سے خوف نکرے

وبکار بپردازد که در نزدیکی دفع خواهد شد لیکن
از طعام حار جدًّا پرہیز کند برابر است که حرارتش
طبعی باشد یا عارضی زیرا که موجب ایجاد
مرض یا از دیاد مرض مے شود ونیز زیاده
نکند در عدد حبس نفس یک مرتبه آنقدر
که مشکل شود برو وشاق آید بلکه زیاده کند
شیئاً فشیئاً تا مشکل نگردد و چون سر دہد نفس را
سر دہد اندک اندک از بینی نه بدہان که ضرر
میرساند بدندان واز عاظم شرائط
اینست که نه باشد حبس نزد پری شکم ونه نزد
نہایت گرسنگی بلکه در حالت متوسط اما این
در بدایت است و چون بلوغ وکمال یافت
بیں اور است در ہر حالت اینکه حبس نماید
وتشریح فرماید ومشائخ این عمل واعمال دیگر
حبسات را از جوگ گرفته اند واہل آن
بوجه اتم واپلغ میباشر این کار اند۔

تتمه

بعضے اہل معارف گفته اند که چون حاصل میشود
برائے نفس انسان بعد تنقیه باطن وتطہیر
آن از میل بجانب محسوسات ومالوفات
وبعد تعمیر باستغراق ذکر ونعمت حضور نسبتے
ورابطے بروحانیات وروشن میشود دلش بآن
نسبت پس مشاہده میکند بآن نور ذات حق تعالی را

اور کام کرنا جائے کہ تھوڑے زمانہ میں یہ دفع ہوجائیں گے
لیکن بہت گرم کھانے سے خواہ اوسکی گرمی طبعی ہو یا
عارضی بچنا رہے ورنہ مرض پیدا ہوجائیگا یا بڑھ جائیگا
اور یہ بھی نہ چاہیے کہ ایکبارگی اعداد حبس انفاس کو
اسقدر بڑھاوے کہ مشکل پڑجائے اور شاق گذرے
بلکہ تھوڑا تھوڑا بڑھانا جائے تاکہ دشوار نہ ہو جب
حبس نفس سے فارغ ہو تو تھوڑے تھوڑے سانس
کو ناک کے راستہ سے نکالے اور منہ سے نہ نکالے
ورنہ دانتوں کو ضرر کرے گا اور بڑی شرائط سے ایک
یہ بھی ہے کہ پیٹ بھرے پر اور بھوک میں حبس نکرے
بلکہ درمیانی حالت میں یہ عمل اختیار کرے یہ شرط مبتدی
کے واسطے ہے اور جس کو انتہا اور کمال ہو اسکو اختیار ہے
جس حالت میں چاہے حبس شروع کرے یا ختم کرے
اس عمل کو اور دوسرے حبس کے طریقے کو مشائخ رحمتہ
اللہ علیہم نے جوگیوں سے لیا ہے اور اسکے ماہر لوگ
بہت پورے طور سے اس عمل کو بجا لاتے ہیں۔
تتمہ بعضے اہل معرفت فرماتے ہیں کہ جب انسان
کا نفس تنقیہ باطن کرلیتا ہے اور مالوفات اور محسوسات
کی خواہش سے پاک ہوجاتا ہے اور استغراق ذکر اور
نعمت حضوری سے معمور ہوجاتا ہے اور اسکو ایک قسم
کی نسبت اور ربط روحانیات سے پیدا ہوجاتا ہے
اور اس نسبت سے اس کا دل روشن ہوجاتا ہے تب
اس نور سے ذات حق تعالے کو مشاہدہ کرتا ہے

ومطلع میشود بر مرادات او از احکام ادو بعد
آں منعکس می شود آں نور از بصیرت بجانب
بصر پس احساس می کند بجارحہ ظاہرہ عوالم
غیب را پس ایں وقت منسلخ مے شود از عالم
ظاہرہ وباطنہ **لقمہ** بدانکہ اول مقامات
توبہ است وآخر مقامات حیرت وبعضے رضا
وتسلیم را آخر گفتہ اند وبجائے حیرت داشتہ
اند وحیرت دو حیرت است حیرت مذمومہ
وحیرت محمودہ - وشرح ایں سخن ایں ست کہ
جمال وکمال ذات او تعالے مستدعی حیرت
است نہ شک - وگاہ مشتبہ می شود امر میانِ
حیرت وشک - پس بدانکہ حیرت پیدا می شود از
معرفت وادراک ذات شئے بخلاف شک کہ منشأ
آں جہل ونکرت است وحیرت می باشد در حضور
وشک در غیبت ومتحیر آناً فاناً صعود می کند بسوئے
ذروۂ کنہ شئے بسبب نہایت شوق بدرک آں
وشاک آناً فاناً می در افتد در حضیض جہل ز حقیقۃ
شئے بسبب عدم التفات بادو گفتہ اند کہ حیرت
مرکب است از علم بوجود وجہل از درک کنہ وشک
متذبذب است در ہر یکے از علم وجہل بیش شاک نہ
جزو علمی متحق است ونہ جزو جہلی مثبت بلکہ امر او دائمی
است مشکوک الوجود وجہلیست مشکوک الثبوت کار
او پیوستہ دائر بین النفی والاثبات است وحیرت مذمومہ

او بھا اُس کی مراد اور احکام پر واقف ہوجاتا ہے پھر وہ نور بصیرت
آنکھوں میں آجاتا ہے جس کے باعث سے ظاہری اعضا
سے عالم غیب کو دریافت کر لیتا ہے پس اسوقت میں یہ
شخص اپنے ظاہر اور باطن سے اس عالم سے نکلتا ہے
لقمہ اے طالب تو جان لے کہ مقامات میں اول توبہ
ہے اور آخر حیرت اور بعضوں نے رضا و تسلیم کو آخر
کہا ہے اور حیرت کی جگہ پر قائم کیا ہے اور حیرت دو قسم
کی ہوتی ہے حیرت مذمومہ اور حیرت محمودہ اس کی
تشریح یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا جمال و کمال
حیرت کو مقتضی ہے نہ شک کو اور کبھی حیرت اور شک
میں اشتباہ ہوتا ہے جب یہ بات معلوم ہوئی تو جاننا
چاہیئے کہ ذات شئے کی ادراک اور معرفت سے حیرت
پیدا ہوتی ہے بخلاف شک کے کہ اُسکا منشا جہل اور
ناشناسائی ہے اور حیرت حضور میں ہوتی ہے اور شک
غیبت میں اور متحیر آناً فاناً اُسکی حقیقت دریافت کرنے
کے لئے نہایت شوق سے بلندی کی جانب صعود کرتا ہے
اور شاک آناً فاناً بے توجہی کے سبب سے حقیقت دریافت
کرنے سے جہل کی پستی میں گرتا جاتا ہے کہتے ہیں
کہ حیرت دو چیز سے مرکب ہے ایک وجود کا علم دوسرے
کنہ نہ جاننے کا جہل اور شک ان دونوں میں متذبذب
ہے نہ تو جزو علمی پایا جاتا ہے نہ جزو جہلی بلکہ اسکا علم
مشکوک الوجود اور جہل مشکوک الثبوت ہے اس کی حالت
ہمیشہ نفی اور اثبات میں دائر ہے اور حیرت مذمومہ

ہمین شک است وحیرت ممدوحہ آنچہ مقابل شک
گفتہ اند حیرت مذمومہ نصیب عوام آمدہ وحیرت
ممدوحہ نصیب خواص گشتہ لقمہ انوار کہ ظاہر میشود
گاہ سفید گاہ سبز گاہ عقیقی و آخر ہمہ سیاہی و این نور
نور جبروت است و باید دانست کہ اگر نور از طرف
راستا متصل کتف ظاہر میشود آن نور کاتب یمین است
واگر غیر متصل است آن نور شیخ ست واگر
از طرف پیش ظاہر شود آن نور محمد رسول اللہ
علیہ الصلوٰۃ والسلام است واگر از طرف چپ متصل
بجانب یسار ظاہر شود آن نور کاتب یسار است
واگر غیر متصل باشد داند کہ تلبیس ابلیس ست وکذلک
اگر صورتے از چپ ظاہر شود ہم تلبیس ابلیس ست
واگر نور بالا و پس ظاہر شود داند کہ از ملائکہ حفظہ است
واگر بلا جہت ظاہر شود و در ظاد ہشت آید و بعد
از رفتن حضور نماند داند کہ تلبیس ابلیس
است واگر در وقت ظہور حضور شود و بعد
از رفتن فراق شود و اشتیاق بود داند کہ
از مطلوب است واگر از بالائے سینہ یا
از بالائے ناف ظاہر شود داند کہ از تلبیس
ابلیس ست واگر از بالائے دل ظاہر شود
داند کہ از صفائی دل است اما طالب صادق
ہیچ یکے ازین انوار فریفتہ نشود و انشراح نگیرد
لقمہ قوم اختلاف کردہ اند کہ آیا برائے عارف

اسی شک کا نام ہے اور اُسکے مقابل کا نام حیرت ممدوحہ
یس حیرت مذمومہ عوام کا حصہ ہے اور حیرت ممدوحہ خواص کیلئے ہے
لقمہ انوار جو ظاہر ہوتے ہیں کبھی سفید ہوتے ہیں اور کبھی سبز
اور کبھی عقیق رنگ کے اور سب سے اخیر میں سیاہ ظاہر ہوتے ہیں
جو جبروت کا نور ہے۔ جاننا چاہیئے کہ اگر نور داہنی طرف
کندھے کے متصل ظاہر ہو تو وہ نور داہنے کرام کاتب کا ہے
اور اگر کندھے کے متصل نہ ہو تو شیخ کا ہے اور اگر آگے ظاہر ہو
تو وہ نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور اگر بائیں جانب ملا ہوا
معلوم ہو تو وہ نور بائیں کرام کاتب کا ہے اور اگر ملا نہ ہو تو
جان لے کہ شیطان کا فریب ہے ایسی ہی اگر بائیں طرف کو کوئی
صورت ظاہر ہو تو بھی شیطانی فریب ہے اور اگر اوپر یا پیچھے سے
ظاہر ہو تو سمجھ لے کہ یہ نور نگہبان فرشتوں کا ہے
اور اگر نور ظاہر ہو اور کسی جہت میں نہ ہو اور اس سے
خوف پیدا ہو اور زوال کے بعد حضور نہ باقی رہے
تو جان لے کہ شیطان کا فریب ہے۔ اور اگر ظہور کے
وقت حضور ہو اور زوال کے بعد فراق اور
اشتیاق ہو تو جان لے کہ یہ مطلوب کا نور ہے اور
اگر سینے کے اوپر یا ناف کے اوپر سے ظاہر تو جان
لے کہ یہ شیطان کا فریب ہے اور اگر دل کے اوپر
سے ظاہر ہو تو سمجھے کہ دل کی صفائی کے سبب
سے ہے لیکن طالب صادق کو چاہیئے کہ
ان انوار پر نازاں ہو کر مطمئن نہ ہو جائے۔
لقمہ قوم نے اسمیں اختلاف کیا ہے کہ آیا عارف کیلئے

دوام مشاہدہ مے باشد یا نمی باشد طائفہ
رفتہ اند کہ دائم مے باشد وگروہے بجانب
عدم دوام میل دارند۔ عارفے میگوید
مُشَاهَدَةُ الْاَبْرَارِ بَيْنَ التَّجَلِّيْ وَالْاِسْتِتَارِ
وحق اینست کہ ربط قلب واتصال سر
وقتیکہ محکم شود متحقق شود بتحقیق وصول
زائل نمے شود آرے انوار ومکاشفات
گاہے مے باشد وگاہ نمی باشد وایں ہست
معنی قول ایشاں اَلْوَقْتُ سَيْفٌ
قَاطِعٌ وَبَرْقٌ لَامِعٌ +

لقمہ

بدانکہ حاصل می شود در غیبت و بے خودی
ومحویت و فنا حالتے کہ تنگ میشود عبارت
ازاں و آنجا حاصل نمی شود غیر احدیت
حق تعالیٰ و وجود مطلق سبحانہ و تعالے
اگر گوئی کہ وجود مطلق سبحانہ و تعالے ہرگز
مدرک نمی شود و آنچہ در حیطۂ ادراک می آید
نیست مگر حادث۔ وصورت ذہنی از جملہ
عوالم ست و ہر عالم حادث است و حادث
وجود مطلق نتواند بود کہ او قدیم
است و آنچہ قدم دارد مدرک ما نگردد
گوئیم آرے چنین است امر کہ گفتی
مگر اینست کہ سالک در فنا

مشاہدہ ہمیشہ رہتا ہے یا نہیں ایک گروہ قائل ہے
کہ ہمیشہ رہتا ہے اور دوسرے گروہ کا میلان ہے کہ
ہمیشہ نہیں رہتا ایک عارف فرماتے ہیں مشاهدة
الابرار بين التجلي والاستتار یعنی نیکوں کا
مشاہدہ تجلی اور پردہ کے درمیان میں ہے اور حق
بات یہ ہے کہ جب ربط قلب اور اتصال سر محکم ہو جائے
اور پورے طور سے ثابت ہو جائے تو ہرگز وصول
کا زوال نہ ہوگا۔ ہاں انوار اور مکاشفات کبھی ہونگے
اور کبھی نہ ہونگے یہی معنی ہیں قول حضرات صوفیہ کے
کہ الوقت سیف قاطع وبرق لامع یعنے
وقت تیغ بران ہے اور برق درخشاں ہے۔
لقمہ غیبت اور بیخودی۔ محویت اور فنا کے وقت
میں ایسی حالت پیدا ہوتی ہے جس کا بیان نہیں
ہو سکتا اور اسوقت سوائے احدیت حق تعالے
اور وجود مطلق سبحانہ و تعالیٰ کے کچھ ہوتا ہی نہیں اگر
کوئی کہے کہ وجود مطلق حق سبحانہ ادراک میں آ ہی
نہیں سکتا اور جو کچھ ادراک میں آئے گا وہ حادث
ہی ہوگا اور جو صورت ذہن میں آتی ہے وہ بھی
عالم ہے اور عالم حادث ہے اور چونکہ وجود
مطلق قدیم ہے تو حادث کیسے ہوگا اور جو قدیم ہے
وہ ادراک میں نہیں آسکتا میں جواب میں کہوں گا
کہ ہاں بات تو وہی ہے جو تم نے کہی ہے اس
میں ایک بات یہ ہے کہ فنا کی حالت میں

ذاہل و غافل و عاطل میشود از نسبتیکہ مقتضائے
آں نسبت اثبات دو طرف است منسوب و
منسوب الیہ این فنائے فنا است پس اینجا عدم
ادراک است نہ ادراک عدم و ہمیں منادی است
قول سیدنا ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
العجز عن درک الادراک ادراک اگر گوئی
پس چہ معنی دارد قول ایشان شہود الذات و تجلی
الذات و محبۃ الذات و معرفۃ الذات و چگونہ متحقق
می شود این امور گوئیم نتیجہ عرفان وضع ہر شی است
در مرتبہ او و اعطائے ہر شی حق آں شی پس در ما نحن
بصدد وہ دو امر است یکی ذات بحت خالص ساذج
و یکے امورے کہ ورائے این مرتبہ است پس حق اول
اثبات است و حق ثانی نفی است و حق معرفت در اول
آنست کہ شناختہ نشود اصلاً و حق معرفت در ثانی
آنست کہ شناختہ شود کما ہو پس آنکہ قصد میکند
معرفت در اول و نکرت در ثانی بغایت از کار
دور است پس اثبات حق حق و اثبات باطل
باطل معرفت است و از عدم معرفت بہ شئے
لازم نمی آید عدم تحقق آں شئے در نفس الامر
پس ذات مقدس او تعالےٰ شانہ مثبت
محقق غیر معروفہ است پس غیبت
از امور ورائیہ ذات معنے شہود ذات
است و استتار این امور از بصائر معنی تجلی ذات

وہ نسبت جسکا مقتضا دو طرف منسوب اور منسوب الیہ کا اثبات
ہے اس سے سالک جس کی توجہ فنا میں ہے بالکل غافل و بیکار
ہو جاتا ہے اسی کو فنار فنار کہتے ہیں پس یہاں پر ادراک کا عدم ہے
نہ کہ عدم کا ادراک اسی معنی کی طرف سیدنا ابی بکر صدیق
کا قول پکار رہا ہے العجز عن درک الادراک
ادراک اگر کوئی کہے کہ پھر حضرات صوفیہ کے اقوال
شہود الذات و تجلی الذات و محبۃ الذات و معرفت الذات
کے کیا معنے ہوں گے اور یہ امور کیونکر پائے جائینگے تو اسکے
جواب میں ہم کہیں گے کہ عرفان کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر چیز کو
اپنے موقع اور مرتبے پر رکھے اور ہر شئے کے حق کا لحاظ
رہے پس جس بات کے درپے ہم ہیں اسمیں دو امر ہیں ایک
ذات محض خالص سادہ دوسرے ایسے امور جو اس مرتبہ
کے سوا ہیں پس اول کا حق اثبات ہے اور ثانی کا حق نفی
ہے اور اول میں معرفت کا حق یہ ہے کہ قطعاً پہچانا نہ جائے
اور دوسرے میں معرفت کا حق یہ ہے کہ جیسا ہے ویسا
پہچانا جائے پس جو پہلے میں معرفت کا قصد کرے اور
دوسرے میں عدم معرفت کا وہ کام سے دور پڑیگا پس حق
کو حق اور باطل کو باطل ثابت کرنا معرفت ہے اور کسی شئے
کے عدم معرفت سے یہ لازم نہیں آتا کہ نفس الامر میں اسکا
تحقق ہی نہ ہو پس ذات مقدس حق تعالےٰ ثابت محقق
غیر معروف ہے پس شہود ذات کے یہ معنی ہیں کہ ذات
کے سوا جتنے امور ہیں اُن سب کی غیبت ہو جائے
اور معنی تجلی ذات کے یہ ہیں کہ یہ سب امور بصیرت سے

است وانقطاع محبت ازیں امور معنے محبۃ
الذات است وتکرۃ ایں امور معنے معرفت
ذات است وبرہمیں قیاس بکن معانی
مضافات ذات راپس معرفت کہ منظور
نمی شود در آں سبحانہ مگر باسماء وصفات
وافعال واین ہمہ نہ بکنہ بل بوجہ زیراکہ کنہ
شئے را از اشیاء معرفت در آں راہ نیست
چہ کنہ ہر شئے حقیقۃ الحق ست چہ او سبحانہ
وتعالیٰ حقیقۃ الحقائق است وحقیقت سبحانہ
وتعالیٰ را بدرک ہیچ بشر وملک وجن نبود
پس حقیقت ہمہ مدرک نشود وایں فرتبہ
نہایت عرفان است فنعم ما قال من
قال اول العوام اٰخر الخواص وبدایۃ
الجہال نہایۃ العلماء لیکن ببیں
تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔ لقمہ بدانکہ ایں
ہمہ ترتیب اشغال واذکار وافکار در ترتیب اصطلاحیہ
است اما ترتیب بہمت موقوف ایں تگاپو نبود
کہ اینجا پیر تخلیہ مرید بر نہج شریعت بفرماید وامداد
شیخ در حق مرید حاضر یا غائب بہمت باد وبہمت
شیخ ابواب فیوضات بروی مرید مفتوح شود ولیکن
طریق بس نادر است واکثر بوالہوسان جویائے
ایں طریق اند کہ کارہائے طریقت ودشوار یہائے
ایں راہ از ایشاں نیاید بنابراں چنیں طریق

مستتر ہو جائیں اور محبۃ الذات کے معنے یہ ہیں کہ ان امور
سے محبت منقطع ہو جائے اور معرفۃ الذات کے یہ
معنی ہیں کہ ان امور سے ناآشنا ہو جائے انھیں پر
قیاس کر لو ان معانی کو جو ذات کی طرف مضاف ہوں
پس معرفت حق سبحانہ وتعالیٰ کی محض اسماء اور صفات
اور افعال ہی میں ہوتی ہے اسپر بھی بکنہ نہیں بلکہ بوجہ
ہوتی ہے۔ کیونکہ ہر شئے کے کنہ کی معرفت کا راستہ ہی
بند ہے اسوجہ سے کہ ہر چیز کی کنہ حق تعالیٰ کی حقیقت
ہے اسواسطے کہ اللہ تعالیٰ سارے حقیقتوں کی حقیقت ہے
اور اس کی حقیقت کا ادراک کسی بشر اور فرشتے اور جن کا کام
نہیں ہے پس کسی چیز کی حقیقت ادراک میں نہیں آسکتی اور
عرفان کا یہ اعلیٰ مرتبہ ہے پس کسی نے کیا اچھی بات کہی ہے
کہ اول العوام اٰخر الخواص وبدایۃ الجہال نہایۃ العلماء
یعنی عوام کا اول خواص کا آخر ہے اور جہلا کی ابتدا علماء
کی انتہا ہے سے کہاں سے کہاں تک تفاوت ہے۔ لقمہ
جاننا چاہیئے کہ یہ سب ترتیب اشغال اور اذکار اور افعال کی
اصطلاحی ہے مگر ہمت کی ترتیب ان جھگڑوں سے بری ہے
کہ یہاں پیر مرید کا تخلیہ شریعت کے طور پر کرتا ہے اور
مرید کے حق میں شیخ کی مدد حاضر ہو یا غائب ہر ہمت
سے ہوتی ہے اور شیخ کی ہمت سے مرید پر فیض کے دروازے
کھلتے ہیں اور یہ طریقہ از حد عمدہ ہے اور اکثر نادان اس
طریق کے متلاشی ہیں کہ طریقت کے کام اور اس راہ کی دشواری
ان لوگوں سے نہیں ہو سکتی ہے اسواسطے اس طریقے

را آرزو مے کنند لقمہ بدانکہ بحکم
من لیس لہ الشیخ فشیخہ الشیطان
بر ہر صاحب دل مہم است کہ طلب شیخ نماید
واینجا این مشکل نماید کہ چوں مبتدی است
امتیاز مصلح از مفسد نتواند کرد و ولی از غیر
ولی جدا نتواند نمود پس بقیاس مصلحاں مفسد انرا
نیز مصلح داند یا عکس و در ہر دو شق غلط کردہ
باشد شیخ شرف الدین یحیی منیری قدس سرہ
در حل این مشکل می فرماید کہ عادت
الٰہی و سنت خداوندی بریں جاریست
کہ ہیچ عصر را از مشائخ و زہاد و عباد
و اوتاد و اخیار و نجبا و نقبا و ابدال
و اقطاب و غوث و سائر اہل اللہ
از اہالی جذبات و غیرہم من العاشقین
والمعشوقین خالی نداشتہ و ندارد
و نخواہد داشت۔ پس لابد است
ہر طالب صادق را بخدمت مشائخیکہ
بر جادۂ این طریق می روند و بایں سیرت
معروف اند مزاولت نماید و
مرآت و کرات مجلس ایشاں در یابد
و در ہر بار متفحص دل خود شود کہ از ہجوم
وساوس و ہواجس و انواع
خطرات کہ حادی

کی آرزو کرتے ہیں لقمہ چونکہ صوفی فرماتے ہیں
کہ من لیس لہ الشیخ فشیخہ الشیطان
یعنی جس کا شیخ نہیں ہے اُسکا شیخ شیطان ہے اسواسطے
اس کے مطابق ہر صاحب دل پر ضرور ہے کہ شیخ کامل
ڈھونڈھے یہاں پر ایک مشکل ہے کہ مبتدی مصلح اور
مفسد کی تمیز نہیں کر سکتا اور ولی کو غیر ولی سے جدا
نہیں کر سکتا پس اچھوں پر قیاس کر کے مفسد کو
مصلح اور مصلح کو بروں پر قیاس کر کے مفسد جانیگا اور دونوں
صورت میں غلطی میں پڑے گا حضرت شیخ شرف الدین
یحیی منیری قدس سرہ اس مشکل کا حل یوں کرتے ہیں
کہ عادت الٰہی اور سنت خداوندی اس طور پر جاری
ہے کہ کوئی زمانہ مشائخ اور زہاد اور عباد اور اوتاد اور
اخیار اور نجبا اور نقبا اور ابدال اور اقطاب اور غوث
اور تمام اہل اللہ اور سارے اہل جذبات اور غیر
انکے عاشقین اور معشوقین سے خالی نہیں رہا اور
نہیں ہے اور نہیں رہے گا پس طالب صادق کو ضرور
ہے کہ جو مشائخ کہ اس طریق پر چلتے ہیں اور اس بات
میں مشہور ہیں اُن کی خدمت میں حاضر ہو کر مزاولت
اس عمل کی کرے اور مدتوں تک ان حضرات کی
خدمت میں حاضر رہے اور ہر بار اپنے دلکی خبر لیتا رہے
کہ طرح طرح کے وسوسے اور قسم قسم کے خطرات
جو اُسکے دل پر جمے ہوئے ہیں کچھ قطع ہوئے یا
نہیں اور اُنکی مجالس میں بیٹھنے سے کچھ قلب اُسکے

دل او بود فی الجملہ نجات دہی یا بد و از دام انقلابات
قلب رہائی در مجلسے از مجالس مخصوص می
نماید یا بر ہمان حالت سابقہ آغشتہ است
اگر بیند کہ فی الجملہ رہائی بدست می آید صحبت
آنرا کہ این دولت از در او می یابد لازم گیرد
کہ قلت صحبت ہم منتج این نعمت است
اگر مستمر گردد امید بیشتر است و اگر ہیچ
تفاوتے در ہیچ حالے نیابد بداند کہ نصیب من
پیش این شیخ نیست و دواے خود از در دیگر
طلب نماید بے آنکہ انکارے در دل
پیدا آرد لقمہ شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر
الجیلانی قدس سرہ فرمودہ کہ ہر کہ قیام نماید
در نصف لیل و وضو بکند و دو رکعت بخواند
و بخواند از قرآن در آن دو رکعت آنچہ خواہد
و اللہ تعالیٰ را سجدہ کند و الحاح نماید و استغاثہ
کند بجناب او و این دعا بخواند البتہ
خدائے تعالیٰ بکشد بروے باب وصول
راو دلالت کند ولی از اولیائے خود کہ دلالت
و ارشاد نماید بحضرت او تعالیٰ و این
مجرب شدہ است مرات و کرات و دعا
اینست یَا رَبِّ دُلَّنِی عَلٰی عَبْدٍ مِّنْ
عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ حَتّٰی یَدُلَّنِی عَلَیْکَ وَ
یُعَلِّمَنِی طَرِیْقَ الْوُصُوْلِ اِلَیْکَ و متاخران

انقلابات میں کسی وقت کمی معلوم ہوتی ہے یا بدستور
سابق ہے اگر کچھ خطرات اور وسوسے سے رہائی
معلوم ہو تو صحبت ایسے شخص کی کہ جس کے دروازہ سے
یہ دولت میسر ہوتی ہے غنیمت جانکر لازم پکڑلے کہ تھوڑے
دنوں کی صحبت سے تو یہ نعمت ملی ہے بشرط استمرار بہت
کچھ امید ہے اور اگر کچھ تفاوت اپنی حالت میں نہ پاوے
تو جان لے کہ اس شیخ کے یہاں میری قسمت کا حصہ
نہیں ہے پس اپنی دوا دوسرے دروازہ سے
تلاش کرے اور دل میں اول کا انکار نہ رکھے
لقمہ شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی قدس سرہ
نے فرمایا ہے کہ جو شخص آدھی رات کو اٹھکر وضو کرے
اور دو رکعت نماز پڑھے اور جسقدر قرآن چاہے دو
رکعت میں پڑھے اور بارگاہ خدا میں سجدہ کرکے عاجزی
اور استغاثہ کرے اور یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر
ضرور وصول کا دروازہ کھولدیگا اور کسی ایسے ولی کے
پاس پہونچادے گا جو اس کو حق سبحانہ کی طرف پہونچادے
اور بارہا اس دعا کا تجربہ ہو چکا ہے اور وہ دعا یہ ہے
یَا رَبِّ دُلَّنِی عَلٰی عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ
حَتّٰی یَدُلَّنِی عَلَیْکَ وَیُعَلِّمَنِی طَرِیْقَ الْوُصُوْلِ اِلَیْکَ
یعنی اے میرے خدا تو اپنے مقربین بندوں میں
سے کسی بندے کو بتادے تاکہ وہ مجھکو تجھے بتادے
اور تیری طرف پہونچنے کا مجھکو راستہ دکھادے
اور متاخرین گروہ

از شیخ شاذلیہ قدس اسرارہم اتحاف صلوٰۃ را
بروصف دوام واستمرار وحضور وتہلیل را
بہمیں دستور مورث وصال شیخ کامل مکمل
داشتہ اند وگفتہ اند پیشوائے مادریں طریق امام
حسن بن علی کرم اللہ وجہہ ورضی اللہ تعالیٰ عنہما است

وصل اول در اذکار

لقمہ اعلم وفقک اللہ سبحانہ لما یحب
ویرضی طالب صادق چوں بملازمت شیخ کامل
مکمل برائے کسب طریقہ بیاید باید کہ شیخ فرماید
کہ سہ روزہ دارد متواتر واگر تواند طے کند والا
باندک طعام افطار کند ودر ہر روزے کلمہ تہلیل
واستغفار وصلوٰۃ ہر یکے ہزار بار گوید وآخر
شب سوم غسل کردہ پیش شیخ آید وشیخ
بفرماید کہ مرید فاتحہ واخلاص وآمن
الرسول واستغفار وشہد اللہ تا حکیم
بخواند بعدہ گوید کہ بیعت کردی برین
ضعیف وخواجہ این ضعیف وخواجگان
خواجہ ما وبر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
وبر حضرت رب العزت وعہد کردی
کہ جوارح را برنہج شرع مستقیم
داری ودل را بہ محبت خدائے تعالیٰ
دہی - دریں وقت دست راست
خود را بر دست راست او نہد

شاذلیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی ہمیشہ حضور دل
سے درود اور لا الہ الا اللہ پڑھتا رہے گا ضرور
اس کو شیخ کامل ملے گا اور شاذلیہ فرماتے ہیں
کہ ہمارے پیشوا اس طریقہ کے حضرت امام حسن
بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں

پہلا وصل اذکار کے بیان میں

لقمہ اے طالب صادق اللہ سبحانہ وتعالیٰ تجھکو توفیق
دے اس چیز کی جس سے وہ راضی اور خوش ہے
جان لے کہ جب شیخ کامل کی خدمت میں طریقہ حاصل
کرنے کو حاضر ہو تو شیخ کو چاہیئے کہ پے درپے تین
روزے کا حکم دے اور اگر ہو سکے تو بالکل بھوکا رہے
اور نہیں تو تھوڑا سا کھا کر افطار کرے اور ہر روز ہزار
ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ اور استغفار اور درود پڑھتا
رہے اور تیسری شب کو غسل کرکے شیخ کی خدمت
میں حاضر ہو اور شیخ مرید کو حکم دے کہ سورۂ فاتحہ اور
اخلاص اور آمن الرسول بما انزل الیہ الخ اور استغفار
اور شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو حکیم تک پڑھے اسکے بعد
شیخ کہے کہ تو نے بیعت کی مجھ ضعیف کے ہاتھ پر اور
میرے مشائخ اور مشائخ مشائخ پر اور حضرت پیغمبر
صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت رب العزت پر اور تو نے
عہد کیا کہ اعضا کو شریعت مستقیم کے طریقے پر رکھیگا
اور دل کو اللہ تعالیٰ کی محبت میں دیگا اور اسوقت
میں اپنا داہنا ہاتھ مرید کے داہنے ہاتھ پر رکھے

لقوله تعالی یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْہِمْ
وطائفہ گرد و پیش نشستہ باشند دست
بدامن طالب زنند و اگر در مجلس ہجوم زیادہ
بود دامن دامن گرفتہ بگیرند ملہم جرًّا و مرید
گوید بیعت کردم و عہد بستم کہ بر نہج
شرع باشم و دل بہ محبت او دادم بعد
ازاں خرقہ بپوشانند و گوید ھٰذَا
لِبَاسُ التَّقْوٰی وَذٰلِكَ خَیْرٌ وَّ
الْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ و در خلوت ملائم
حال مرید ذکر تلقین فرماید کہ غیرے
مطلع نشود
کسرہ طریق تلقین این است کہ یکبار
شیخ گوید مرید بشنود و باز یکبار مرید گوید شیخ
بشنود تا سہ نوبت و حوالہ سازد یعنی چنانچہ مرا
از پیران رسیدہ است من بتو رسانیدم و
مرید قبول کند و امر کند طالب را کہ بعد ہر نماز
پنجگانہ درود دہ بار و اخلاص دہ بار و شش رکعت
بسہ سلام صلاۃ اوابین گذارد و دو رکعت
بعد این بہ نیت حفظ ایمان بخواند و طریق آن را
بیان کردیم در کتاب مرقع و نزد خواب صدبار
تہلیل بخواند و فاتحہ بارواح اہل شجرہ خویش میخواندہ
باشد کسرہ بدانکہ اذکار را بر مراقبات مقدم باید
داشت و بعضے در اول وہلہ مراقبہ فرمایند و

بدلیل اس آیت کے کہ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ
یعنی اللہ تعالی کا ہاتھ تمہارے ہاتھ کے اوپر ہے اور جو
لوگ گرد و پیش بیٹھے ہوں طالب کا دامن پکڑیں اور جو ہجوم
زیادہ ہو تو جس شخص نے طالب کا دامن پکڑا ہو اُسکا
دامن دوسرا شخص پکڑے اور پھر اُس کا دامن تیسرا اسی
طرح جہاں تک ہوں پھر مرید کہے کہ میں نے بیعت کی اور
اقرار کیا کہ شرع کے طریقہ پر رہونگا اور خدا کی محبت میں
اپنے دل کو دیا اُسکے بعد خرقہ پہنا دے اور پڑھے
ھذا لباس التقوی وذلك خیر والعاقبۃ للمتقین
پھر مرید کو خلوت میں اس طرح پر کہ غیر کو خبر نہ ہو جو اُسکے
مناسب ہو ذکر سکھائے کسرہ تعلیم کا یہ طریقہ ہے
کہ ایک بار شیخ کہے مرید سنے پھر مرید کہے شیخ سنے
اسی طرح تین مرتبہ کرے اور حوالہ کرے یعنی شیخ کہے
کہ جیسے مجھے اپنے پیروں سے پہونچا ہے میں نے
تجھے پہونچایا اور مرید قبول کرے اور طالب کو حکم دے
کہ ہر نماز پنجگانہ کے بعد دس بار درود اور دس بار
اخلاص اور صلوٰۃ اوابین چھ رکعت تین سلام سے پڑھے
اسکے بعد بہ نیت حفاظت ایمان دو رکعت نماز پڑھے اور
اسکا طریقہ ہمنے اپنی کتاب مرقع میں بیان کیا ہے اور سونے
وقت لا الہ الا اللہ سو بار پڑھے اور اپنے سلسلے کے
مشائخ پر فاتحہ پڑھکر بخشتا رہے کسرہ جاننا
چاہیئے کہ اذکار کو مراقبہ پر مقدم رکھنا چاہیئے اور
بعضے پہلے ہی وہلہ میں مراقبہ کا حکم دیتے ہیں پس

این نیز رواست اگر استعداد مرید مقتضی آن
باشد بلکه طرح مؤنثہ ہرچند بیشتر بہتر اما حق آنست
کہ اولاً بذکر رنگین کنند و بجوشانند و بخروشانند
بعد ازان بمراقبہ بیرنگ کنند وخموشانند
وبیارامانند لیکن در اذکار تفاوت جلی است
آنراکہ بیر مشغول بدنیا بیند اولاً نفی و
اثبات فرمایند وآنراکہ اندکے روئے
محبت سوئے محبوب دارد اسم جلالیہ فرمایند
یعنی اللّٰہ وآنکہ در وے معنے اطلاق و بے تعلقی
دل با رقت طبع احساس نمایند ھُو فرمایند
وامثال ذٰلک و پیدا است کہ ہرکدام را سعی
وطورے ونمطے مقرر است و دریں وصل
شرح آن نمائیم بمشیئۃ تعالیٰ ومقصود ما دریں
اوراق استقصائے اعداد اذکار و مراقبات
نیست چنانچہ در کتب بعضے اقسام اذکار بالوف
کشیدہ وانواع مراقبات بمآت مقصود است
کہ بعضے اذکار کہ خلاصہ ولب اقسام اذکار
باشند وبعضے مراقبات کہ مختار وخ انواع مراقبات
باشد آنرا بنمائیم کہ آنکہ مالک این مراتب گشت مادون
آنرا نیز مالک توے اند بود لقمہ ذکر نفی واثبات چہار
ضربی در خلوت تنگ وتاریک مربع بنشیند اگرچہ مربع
نشستن بدعت است وجلسہ متکبران و در
جملہ اوقات منہیست الا در وقت ذکر گفتن

اگر مرید کی استعداد اسکے لائق ہو تو یہ بھی روا ہے بلکہ جسقدر
محنت زیادہ کرے گا اسقدر بہتر ہو گا مگر حق یہ ہے کہ
طالب کو اولاً ذکر سے رنگین کریں اور جوش وخروش
میں لاویں اسکے بعد مراقبہ سے دھیما کریں اور سکوت
اور آرام دیں لیکن اذکار میں چونکہ تفاوت ہوا کرتا ہے
پس جب پیر مرید کو دیکھے کہ دنیا کی طرف متوجہ ہے
تو پہلے پہل نفی واثبات تعلیم کرے اور جس میں کچھ عشق
کی بو معلوم ہو اسکو اسم جلالی یعنی اللّٰہ سکھاوے اور جسکی
طبیعت میں نرمی ہو اور دل بے تعلق ہو اور آزادی
پائی جائے تو اس کو ھُو کا حکم دے اسی طرح ہر موقع
اور محل کو دیکھ لے کیونکہ ہر کسی کے لئے ایک طریقہ
اور طرز اور سعی جداگانہ معین ہے جس کی تفصیل ہم اسی
وصل میں کرینگے اگر خدا کو منظور ہے اور ان ورقوں
میں ہمارا یہ نہیں مقصود ہے کہ مراقبات اور اذکار کی
تعداد کو پورا لکھیں جس طرح بعض کتابوں میں ذکر کے
اقسام ہزارہا اور مراقبات کے انواع صدہا مندرج
ہیں بلکہ یہ مقصود ہے کہ اذکار میں جو لب لباب ہے
اور مراقبات میں جو مغز ہے اور مختار ہے اسکو یہاں پر
لکھیں کیونکہ جو اسپر قادر ہو جائے گا وہ اسکے نیچے
پر بھی قادر ہو گا لقمہ نفی واثبات چار ضربی کے بیان
میں۔ ایک مکان تنگ اور تاریک میں مربع بیٹھے
اگرچہ مربع بیٹھنا بدعت ہے اور متکبروں کی
نشست ہے سوائے حالت ذکر کے ہر وقت یہ

طریقہ ذکر نفی و اثبات چہار ضربی

که آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چون نماز بامداد
گزاردے درمقام خویش بذکر مربع نشستے
تا آفتاب نیک برآمدے - و پشت راست
دارد و چشم بربندد و دو دست بر ہر دو زانو
نہد و از انگشت نرینہ پائے راست بانگشت
متصل آں رگ کیماس جانب چپ محکم گیرد تا
در باطن قلب حرارتے پیدا شود کہ موجب
تصفیہ است و ازیں حرارت چربی کہ گرداگرد
دل است کہ محل و مقر خناس گفتہ اند بگدازد
و وساوس و ہواجس کم گردد بعدہ بیکدل و
یک زبان بذکر مشغول گردد جہر یا خفیہ آنچہ
مقتضائے وقت و طبع باشد و مراعات کند
شرائط ایں بیت را بیت برزخ و ذات
وصفات و مدو شد و تحت و فوق :: حی نماید
طالباں را کل نفس ذوق و شوق :: و شرائط
ایں بیت در ذکر سر پایہ نیز مراعات نمایند
اما آنجا بمعنی دیگر و اینجا مقصود اینست کہ مراد
از برزخ صورت شیخ است و مراد از ذات
وجود مطلق سبحانہ و تعالی و مراد از صفات ائمہ سبعہ کہ
حیات و علم و قدرت و ارادت و سمع و بصر و کلام اند
و مراد از مد مد کلمہ لا الہ و مراد از شد تشدید الا اللہ و
مراد از تحت شروع کلمہ لا از سر زانوئے چپ و ایصال
کلمہ آلہ تا کتف راست و آنجا نفس راست

نشست ممنوع ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
جب صبح کی نماز سے فارغ ہوتے تو اُسی مقام میں
مربع بیٹھکر ذکر کرتے یہاں تک کہ آفتاب نکل آتا اور پیٹھ
سیدھی رکھے اور آنکھ بند کرے اور دونوں ہاتھ دونوں زانو
پر رکھے اور داہنے پاؤں کے انگوٹھے اور اُس انگلی سے
جو اُس سے ملی ہے بائیں پاؤں کی رگ کیماس کو
زور سے پکڑے تاکہ قلب کے اندر حرارت پیدا ہوجائے
جو تصفیہ کا باعث ہے اور اس حرارت کے باعث
سے وہ چربی جو دل کے گرداگرد ہے اور جس کو خناس کا
محل اور قرارگاہ کہتے ہیں پگھل جاتی ہے اور وسوسے
اور خطرات کم ہوجاتے ہیں اسکے بعد یکدل اور یک
زبان ہوکر بمقتضائے طبیعت اور وقت کے جہر سے
یا آہستہ سے ذکر میں مشغول ہووے اور اس بیت کی
شرائط کی رعایت کرے بیت برزخ و ذات وصفات
و مدو شد و تحت و فوق :: حی نماید طالباں را کل نفس ذوق و
شوق :: مراد برزخ سے شیخ کی صورت ہے اور ذات
سے مراد وجود مطلق سبحانہ تعالے کا ہے اور صفات
سے مراد ساتوں امام ہیں یعنی حیات اور علم اور قدرت
اور ارادہ اور سمع اور بصر اور کلام اور مد سے مراد یہ
ہے کہ کلمہ لا الہ الا اللہ کھینچے اور شد سے مراد الا اللہ
کی تشدید ہے اور تحت سے مراد ہے آغاز کلمہ
لا کا بائیں زانو کے شروع سے اور پہونچانا کلمہ آلہ
کا داہنے مونڈھے تک اور پھر یہاں پر دم کو راست

کردہ بقوت زدن بر فضائے دل بہ کلمۂ الا اللہ و ایں مراد است از فوق و ایں ذکر را نفی و اثبات چہار ضربی گویند۔

لقمہ

بدانکہ خطرات چہار اند خطرۂ شیطانی و آں موجب تکبر و غضب و عداوت و حسد و امثال آنست۔ خطرۂ نفسانی و آں موجب شہوۃ طعام و فرج و ادخار و زینت و امثال آنست و خطرۂ ملکی و آں موجب عبادات و طاعات بر ائے مثوبات و امثال آنست و خطرۂ رحمانی و آں موجب اخلاص و محبت و شوق و امثال آنست پس زانوئے چپ موضع دفع خطرۂ شیطانی است کہ مقر او چپ است و سر زانو راست موضع دفع خطرۂ نفسانیست کہ ہموارہ میان نفس و شیطان مقابلہ شرکت است در اغوا و کتف راست موضع دفع خطرۂ ملکی است کہ کاتب یمین است و فضائے دل مقر و موضع نصب خطرۂ رحمانی است و چوں ملاحظہ در تفصیل ایں خطرات موجب تشتت بال و توزع حال است پس امر کلی کہ جامع ایں مراتب باشد تلقین فرمایند پس در اوائل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اے لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ ثُمَّ

کر کے فضائے دل پر زور سے کلمۂ الا اللہ کے ساتھ مارنا اور فوق مراد اسی سے ہے۔ اس ضرب کا نام نفی و اثبات چار ضربی ہے اور اس بیت کی شرطوں کو ذکر سر پا یہ میں بھی رعایت رکھنا چاہیئے (مگر وہاں پر کچھ اور مقصود ہے) اور یہاں پر جو بیان ہوا لقمہ جاننا چاہیئے کہ خطرے چار ہیں خطرۂ شیطانی جو تکبر اور غضب اور عداوت اور حسد وغیرہ کا باعث ہے اور جو خطرۂ نفسانی جس سے خواہش طعام اور شہوت فرج اور حرص ذخیرہ اور ہوس زینت وغیرہ پیدا ہوتی ہے اور خطرۂ ملکی جس سے ثواب کے امور جیسے طاعات و عبادات اور اس کی مثل پیدا ہوتے ہیں اور خطرۂ رحمانی جس سے اخلاص اور محبت اور شوق اور اس کی مثل پیدا ہوتا ہے پس بائیں زانو کا سر شیطانی خطرے کے دفع کا محل ہے کیونکہ بائیں جانب مقام شیطان کا ہے اور داہنی زانو کا سر خطرۂ نفسانی کے دفع کا موقع ہے کیونکہ بہکانے میں ہمیشہ نفس و شیطان کے درمیان شرکت کے لئے مقابلہ رہتا ہے اور داہنا کندھا خطرہ ملکی کے دفع کا مقام ہے جو داہنا کاتب ہے اور دل کی فضا خطرۂ رحمانی کے رہنے کا مقام ہے اور چونکہ ان خطرات کی تفصیل بیانی میں مرید پراگندہ خاطر اور پریشان حال ہو جائے گا اسواسطے جو امر کلی کہ ان مراتب کے جامع ہوں تعلیم کرے پس اوائل میں لا الٰہ الا اللہ یعنی لا معبود الا اللہ تعلیم کرے اس کے بعد

لَا مَقْصُوْدَ ثُمَّ لَا مَطْلُوْبَ ثُمَّ لَا مَوْجُوْدَ ہم

خطرات در حیطۂ این منطمس گردد و این سبے ہیچ در اوّل حال تلقین ہمین را خیر احسن میداند کہ رفع مؤنت و کوتاہ کردن سفر اقرب بصواب است و این مراتب را اگر مرید عجمی باشد بہر زبان کہ داشتہ باشد تلقین فرمایند لقمہ ذکر دو ضربی دمادم یک ضربش لا الٰہ است بر کتف یمین و ضرب دوم الا اللہ بر فضاء دل و باید کہ محمد رسول اللہ سوم یا پنجم یا ہفتم یا نہم بار بگوید و برائے بساطت این ذکر بہ نسبت چہار ضربے تفرقہ درین کم است لقمہ باید کہ بعد نفی و اثبات اثبات گوید و بعد اثبات اسم ذات و باید کہ کلمہ اللہ را از الا اللہ بیار بگوید و ہمچنان الا اللہ را از مجموع لا الٰہ الا اللہ لقمہ ذکر نفلقہ و آن گفتن کلمہ اللہ پیوستہ من غیر انفصال خفیہ دہن کشادہ یا بستہ و بعضے حبس نفس درین بکنند و بعضے نکنند لقمہ ذکر سہ پایہ این ذکر مشابہ ابریق است کہ او را سہ پایہ باشد کہ بوجود یکے قائم نتوان شد ایں ذکر را سہ رکن است یکے اسم ذات دوم ملاحظہ صفات اتہات یعنی علیم سمیع بصیر سوم واسطہ کہ آن را برزخ گویند و شرائط این ذکر ہفت است ؎ بیت ؎

برزخ و ذات و صفات و شد و مد و تحت و فوق
می نماید طالبان را کل نفس ذوق و شوق

لَا مَقْصُوْدَ پھر لَا مَطْلُوْبَ پھر لَا مَوْجُوْدَ

سارے خطرات اس سے مٹ جاینگے اور رہبر نزدیک پہلے پہل اسکے آخر کا سکہانا اچھا معلوم ہوتا ہے کیونکہ محنت کی تخفیف اور سفر کا کم کرنا اچھی بات ہے اور اگر مرید عجمی ہو تو اُسی کی زبان تعلیم کرے لقمہ ذکر دو ضربی یہ ہے کہ دمبدم داہنے کندھے پر لا الٰہ کی ایک ضرب اور دل کی فضا پر الا اللہ کی دوسری ضرب ہے اور تین یا پانچ یا سات یا نو بار کہکر ایک بار محمد رسول اللہ کہے اور چونکہ بہ نسبت ذکر چار ضربی کے اس میں بساطت ہے اس وجہ سے اسمیں تفرقہ نہیں ہے لقمہ نفی اور اثبات کے بعد اثبات اور اثبات کے بعد اسم ذات کہنا چاہیے اور الا اللہ سے اللہ اور لا الٰہ الا اللہ سے الا اللہ زیادہ کہنا چاہیے لقمہ ذکر نفلقہ یہ ہے کہ اللہ کا کلمہ آہستہ متصل بلافصل کے منہ کھولکر یا بند کر کے کہے بعضے اسمیں حبس نفس کرتے ہیں اور بعضے نہیں لقمہ ذکر سہ پایہ یہ ذکر سہ پایہ ابریق کے مشابہ ہے کہ اگر ایک پایہ نہ ہو تو قائم نہیں ہو سکتا اس ذکر میں تین رکن ہیں ایک اسم ذات اور دوسرے اصول صفات یعنی علیم سمیع بصیر کا ملاحظہ تیسرے واسطہ کہ اس کو برزخ کہتے ہیں اور اس ذکر کی سات شرط ہیں بیت برزخ و ذات و صفات و شد و مد و تحت و فوق :: می نماید طالبان را کل نفس ذوق و شوق :: یعنی یہ سات صفات ایسی ہیں کہ

ذکر دو ضربی

ذکر نفلقہ

ذکر سہ پایہ

برزخ عبارت از واسطہ است چنانکہ گذشت
وذات عبارت از اسم ذات است
یعنی اللہ وصفات عبارت از صفات
امہات یعنی علیم سمیع بصیر وشد عبارت
از تغلیظ تشدید اللہ است ومد عبارت
از تمدید الف اللہ است وتحت عبارت
از انست کہ ہمزۂ اللہ را از زیر ناف
شروع کند یا فوق وفوق عبارت
از انست کہ در دماغ تمام کند وچون
این ذکر سہ پایہ را بے حبس نفس نمے
کنند این را بطریق شرطیہ ذکر نکردہ
طریقش آنست کہ ہمزۂ اللہ را از تحت
ناف بقوت برکشد وتمام دم بسوئے
سینہ بگیرد وقبض دم کند وبدل اللہ بگوید
وباوے سمیع بگوید بتصور معنیش باز اللہ بگوید
وباوے بصیر بگوید با تصور معنیش وباز اللہ
بگوید وباوے علیم بگوید با تصور معنیش واین
را عروج گویند ثم العلیم ثم البصیر ثم السمیع و
این را نزول گویند ثم السمیع ثم البصیر ثم العلیم واین
را عروج ثانی گویند وسر درین نست کہ احاطہ سمیع
کمتر از احاطہ بصیر است واحاطہ بصیر کمتر از احاطہ
علیم است پس سالک در اول حال در مرتبہ عقل وشہادت
است کہ مرتبہ ایست تنگ تر از ہمہ مراتب پس تقدیم

طالبوں میں ہر دم ذوق اور شوق پیدا کرتے ہیں برزخ
مراد ہے واسطے سے جیسا گذر چکا اور مراد ذات سے
اسم ذات اور مراد صفات سے اصول صفات یعنی علیم
سمیع بصیر ہے اور مراد شد سے یہ ہے کہ لفظ اللہ کا
تشدید پورے طور سے ادا کرے اور مراد تمدید سے
یہ ہے کہ اللہ کے الف کو خوب طول دے اور مراد
تحت سے یہ ہے کہ اللہ کے ہمزہ کو زور سے ناف
کے نیچے سے شروع کرے اور مراد فوق سے یہ ہے
کہ دماغ میں تمام کرے اور چونکہ اس ذکر کو بلا حبس
نفس کے نہیں کرتے اسوجہ سے شرطیہ کے طور
پر شعر میں نہیں ذکر کیا اس کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ کے
ہمزہ کو ناف کے نیچے سے زور سے کھینچے اور تمام
سانس کو سینہ کی طرف لیکر بند کرے اور دل میں اللہ
کہے اور اسکے ساتھ سمیع کہے اور اسکے معنے کو تصور
کرے پھر اللہ کہے اور اسکے ساتھ بصیر کہے اور
اسکے معنی کو تصور کرے پھر اللہ کہے اور اسکے ساتھ علیم
کہکر اسکے معنے کو تصور کرے اس کو عروج کہتے ہیں پھر
علیم پھر بصیر پھر سمیع اس کو نزول کہتے ہیں پھر سمیع پھر
بصیر پھر علیم اس کو عروج ثانی کہتے ہیں اسمیں یہ
بھید ہے کہ سمیع کا احاطہ بصیر کے احاطہ سے کمتر ہے
اور بصیر کا احاطہ علیم کے احاطہ سے کمتر ہے پس سالک
اول حال میں عقل اور شہادت کے مرتبہ میں ہے اور
یہ مرتبہ تمام مراتب سے بہت تنگ ہے اسکے بعد سمیع کو

سمیع نماید و چوں ازیں ترقی کند بمرتبہ غیب
رسد و آں مرتبہ ایست اوسع تقدیم بصیر نماید
و چوں ازیں ترقی کند بمرتبہ غیب الغیب
رسد و آں مرتبہ ایست اوسع تر علیم تصور
نماید و باز رجوع نماید و باید دانست اللہ
سمیع اللہ بصیر اللہ علیم اللہ علیم اللہ بصیر اللہ
سمیع اللہ سمیع اللہ بصیر اللہ علیم یک ذکر
است کہ مشتمل است بر دو عروج متوسط النزول
و حبس دم آنقدر نماید کہ در دو سہ ذکر
یا زیادہ تا دو صد و پنجاہ ذکر تواند کرد تا
حرارت در باطن پیدا آید و وسوسات باطنہ
کہ تعلق گاہ خناس موسوس است سوختہ
گردد و خطرہ بندی رو نماید و محبوبیت غالب
آید بدانکہ در تحت فائدہ بسیار و حرج بیشمار است
اما بے تحت ذکر ناقص است مع ہذا لکن ازاں
چارہ نبود اما باید کہ خود را در حرج بسیار نیندازد
و تحت ہم در کار دارد واللہ یعصمک حامی
وقت است تفصیل ذکر سہ پایہ آنست
کہ مربع بنشیند و بدو انگشت ابہام و سبابہ
پائے راست رگ کیماس پائے چپ بگیرد و ناف
درون کردہ اندکے میل از فرود ببالا دہد و ہر دو چشم
را فرو بندد و احضار برزخ کند و اسم مبارک اللہ از زیر
ناف ببالا کشد بشدت تمام و لام دوم را مد طویل

تفصیل ذکر سہ پایہ

مقدم کرے اور جب اس سے بڑھکر غیب کے مرتبہ میں
پہونچے (جو ایک اوسع مرتبہ ہے) تو بصیر کو مقدم کرے
اور جب اس سے بڑھکر غیب الغیب کے مرتبے میں پہونچے
(جو ایک اوسع تر مرتبہ ہے) تو علیم کو تصور کرے اور پھر رجوع
کرے۔ جاننا چاہیے کہ اللہ سمیع اللہ بصیر اللہ علیم اللہ
علیم اللہ بصیر اللہ سمیع اللہ سمیع اللہ بصیر اللہ علیم ایک
ذکر ہے جس میں دو عروج ہیں اور انکے درمیان میں ایک
نزول ہے اور اسقدر حبس دم کرے کہ دو تین ذکر یا ڈھائی
سو تک کر سکے تاکہ باطن میں حرارت پیدا ہو جائے
اور وسوسات باطنہ جو خناس کے وسوسے کے محل ہیں
جل جائیں اور خطرہ بندی ظاہر ہونے لگے اور محبوبیت
غالب آجائے۔ جاننا چاہیے کہ تحت میں بہت سے
فائدے ہیں اور حرج بھی بہت ہیں مگر بے تحت کے
ذکر ناقص ہے اور بلا اسکے چارہ بھی نہیں ہے مگر ذاکر کو
چاہیے کہ اپنے کو بہت حرج میں نہ پڑنے دے اور اسکو
کرتا جائے اور خدا سے حفاظت طلب کرتا جائے
کہ اس سے بچا دے گا۔ ذکر سہ پایہ کی تفصیل اسطرح ہے
کہ مربع بیٹھکر داہنے پاؤں کے انگوٹھے اور سبابہ سے
بائیں پاؤں کی رگ کیماس کو مضبوط پکڑے اور ناف کو
اندر کر کے ذرا نیچے سے اوپر کی جانب کرے اور
دونوں آنکھوں کو بند کرے اور شیخ کی صورت کو دل
میں حاضر کر کے اسم مبارک اللہ کو ناف کے نیچے
سے سختی سے اوپر کو کھینچے اور دوسرے لام کے مد کو بہت

دہد و یا لفظ اللہ سمیع بعدہٗ بصیر بعدہٗ علیم
ملاحظہ کند و این را در کتب مشائخ نزول نوشتہ
اند اما مختار فقیر آنست کہ بالا نوشتہ شد جہت
سببے کہ آنجا مفصل مذکور است و چوں سعی
نمودہ کار بجائے رساند کہ بیک نفس دو بیست
و پنجاہ بار لفظ اللہ را بہ اسم مذکور بشرائط
مذکورہ ادا نماید بآں سہ صفت پنج صفت
دیگر اعنی دائم قائم حاضر ناظر شاہد اضافہ
فرماید و چوں این نیز بر عروج و نزول در یک
نفس بر دو بیست و پنجاہ رسد و از انوار ہر یک
بہرہ مند شود بآں صفات ہفت صفات
دیگر کہ آنہا را ائمہ سبعہ خوانند اضافہ نماید
چوں درین استقامت یافت صفات
مرکبہ زیادہ کند چوں اکرم الاکرمین و
ارحم الراحمین و اجود الاجودین و ذوالفضل
العظیم و رب العرش العظیم لقمہ در مشرب
شطار اسم ذات بزبان یا بدل بگوید و ملاحظہ
اسماء صفات یعنی سمیع و بصیر و علیم در خیال
دارد و برزخ شیخ پیش نظر گیرد و مدو شد کند
و از زیر ناف آغاز کند و تا تارک ساند در یکدم
یک بار در محاربہ صغیرہ و در یکدم صد بار در
محاربہ کبیرہ چوں درین صفات استقرار
یافت صفات دیگر گوید و عروج و نزول

طول کرے اور اللہ کے لفظ کے ساتھ سمیع کو اسکے بعد
بصیر کو اسکے بعد علیم کو معنے کا لحاظ کر کے ملادے مشائخ
کی کتابوں میں اسکو نزول لکھا ہے مگر میرے نزدیک
مختار وہ ہے جو اوپر گذرا اور اسکا سبب بھی اوپر بیان
ہو چکا اور جب محنت کرتے کرتے یہانتک نوبت پہونچے
کہ ایک سانس میں ڈھائی سو بار ان تینوں اسموں کے
ساتھ مع شرائط ادا کرنے لگے تو ان تینوں صفات کے
ساتھ اور پانچ صفات یعنی دائم قائم حاضر ناظر شاہد
بھی ملادے اور جب یہ بھی عروج اور نزول میں ایک
سانس میں ڈھائی سو مرتبے تک پہونچ جائے اور
ہر ایک کے انوار سے بہرہ مند ہو جائے تو ان صفات
کے ساتھ اور صفات جن کو سات امام کہتے ہیں ملادے
اور جب یہ بھی پوری ہو جائیں تو صفات مرکبہ جیسے اکرم
الاکرمین اور ارحم الراحمین اور اجود الاجودین اور ذوالفضل
العظیم اور رب العرش العظیم ملادے
لقمہ شطاری طریقہ میں اسم ذات زبان سے یا
دل میں کہے اور اسماء صفات یعنی سمیع بصیر علیم
کو خیال میں جمادے اور شیخ کی برزخ کو نظر
کے سامنے رکھے اور مدو شد کرے اور ناف
کے نیچے سے شروع کرے اور سر کے تالو تک
پہونچادے حملہ صغیر میں ایک سانس میں ایک بار اور حملہ
کبیر میں ایک سانس میں سو بار پھر جب ان صفات کو حاصل
کر لیا تو دوسری شروع کرے اور عروج و نزول کی

بمراعات نماید و در محاربۂ کبیرہ دم گرفتہ بشدت
تمام با ملاحظہ واسطہ ذکر گوید تا بیخودی و بیہوشی
آرد آنچہ بگرسنگی بسیار و بیداری بیشمار
حاصل می شود باین در اندک حاصل می شود

لقمہ

ذکر شش ضربی و چہار ضربی

ذکر شش ضربی و چہار ضربی۔ ذکر اللہ شش
ضربی و چہار ضربی نیز گویند شش ضربی آنست
کہ ہر ضربے در جہتے زند و چہار ضربی آنست
کہ مستقبل قبلہ نشیند و مصحف پیش روئے
خود دارد و یا قبر بزرگے ضرب اول بر چپ و
ضرب دوم براست و ضرب سوم بر مصحف
و ضرب چہارم بر دل زند و مستغرق ذکر و کشف
معنے قرآن و حال اہل قبور گردد اما
بملاحظہ واسطہ نماید کہ بے آن فائدہ ندارد

لقمہ

ذکر حدادی

ذکر حدادی۔ کلمہ لا الٰہ از طرف چپ با ملاحظہ
شروع کند و بر ہر دو زانو ایستادہ شود و کلمہ
الا اللہ با قوت تمام و ضرب شدید بر فضائے
دل زند و بنشیند چنانچہ حداد بر دو دست پتک
بر آہن محکم میزند ہم بریں نہج بکند تا ذوق دہد از
امام ابو حفص حداد منقول است و دریں مشقت بسیار است

لقمہ

پاس انفاس

پاس انفاس کلمہ لا الٰہ را با دم بیرون گزارد و کلمہ الا اللہ

رعایت کرتا رہے اور حملہ کبیرہ میں شیخ کی صورت کا تصور
کر کے خوب زور سے دم بند کر کے ذکر کرے یہانتک
کہ بیہوشی اور بیخودی طاری ہو جائے اور جو مقصود کہ
بہت بھوکے رہنے اور کثرت سے بیداری کرنے سے
حاصل ہوتا ہے اسیں تھوڑے زمانہ میں حاصل ہوگا
لقمہ۔ ذکر شش ضربی و چار ضربی کا بیان۔ اللہ
کے ذکر کو شش ضربی اور چار ضربی بھی کہتے ہیں
شش ضربی یہ ہے کہ ہر چھ جہت میں ہو اور چار ضربی
یہ ہے کہ قبلہ رو بیٹھکر مصحف یا کسی بزرگ کی قبر سامنے
رکھے پہلی ضرب بائیں طرف اور دوسری ضرب دائیں
طرف اور تیسری ضرب مصحف پر اور چوتھی ضرب دل پر مارے
اور ذکر میں مستغرق ہو اور معنی قرآن اور اہل قبور کے
حال کا انکشاف چاہئیے اس میں شیخ کی صورت کا
تصور ضرور ہے بغیر اسکے فائدہ حاصل نہ ہوگا
لقمہ ذکر حدادی کا بیان۔ کلمہ لا الٰہ کو کشش اور تصور
شیخ کے ساتھ بائیں طرف سے شروع کرے اور دونوں
زانوں کے بل کھڑا ہو جائے اور کلمہ الا اللہ کو خوب زور
سے ضرب شدید کے ساتھ دل کی فضا پر مارے اور بیٹھ
جائے جیسے لہار دونوں ہاتھ سے ہتھوڑا لوہے پر زور
سے مارتا ہے اسی طریقہ پر کرتا رہے تاکہ ذوق پیدا
ہو جائے اسیں محنت بہت ہے اور امام ابو حفص حداد
سے منقول ہے لقمہ پاس انفاس کا بیان
کلمہ لا الٰہ کو دم کے ساتھ باہر نکالے اور کلمہ الا اللہ

را با دم بالا کشد و بدم ذاکر باشد و نظر پیوستہ در
بست و کشاد بر ناف دارد چندان ذکر کند کہ
دم ذاکر در خواب و بیداری ذاکر گردد و عمر ذاکر
بریں ذکر دو چنداں گردد **لقمہ** گاہ باشد
کہ پاس انفاس بکلمۂ اللہ بکنند و سند او این است
کہ ضم ہائے اللہ را باشباع خوانند تا واو
ازو متولد شود و در وقت مد نفس اللّا بدم گویند
یعنی دم لسان دل باشد و در وقت جزر نفس
ہو بدم گویند بہمان معنی و در ذکر پاس انفاس
برابر است کہ ذکر لا الہ الا اللہ باشد یا ذکر
اللہ اگر صوت از خیشوم پیدا شود آن را
آرہ بینی گویند و این شورش و سوزش بسیار
آرد لیکن بدماغ حرارت و خشکی رساند خیشوم و
دماغ را بروغن بادام چرب کردہ باشند
و این ذکر را بہ کمال رسانند و کمالش آنست
کہ بے شعور و اختیار ذاکر دم ذاکر باشد و اگر
شخصے سادہ را کہ ہنوز لوح دل او از نقوش
اذکار و افکار منتقش نگشتہ باشد پیش روئے
خود زانو بزانو بنشاند و گوید کہ زنخ را بر سینہ نہد
و کمر را بطرف شکم کج کند و سینہ پیش برآوردہ
بنشیند و چشم بربندد و مرشد احساس نفس او
بکند وقت فرو بردن او دم خویش مرشد دم خود
بر دم وے سپرد ہر دو وقت برآوردن او دم خود را مرشد

کو دم کے ساتھ اوپر کو کھینچے اور دم سے ذکر کرے اور
ہر وقت بست و کشاد میں نظر ناف پر رکھے اور اتنا ذکر
کرے کہ جس سے دم خواب اور بیداری میں ذاکر ہو جائے
اس ذکر سے ذاکر کی عمر دوگنی ہوتی ہے **لقمہ**
کبھی پاس انفاس لفظ اللہ سے ہوتا ہے اُسکا طریقہ
یہ ہے کہ اللہ کے ہا کو پیش پڑھیں اس طرح کہ اُس میں واو
پیدا ہو اور سانس کھینچنے کے وقت اللّا سانس سے کہے
گویا وہ سانس دل کی زبان سے ہے اور سانس نکلتے
وقت ہو سانس سے کہے وہی معنی خیال کرکے اور پاس
انفاس میں چاہے لا الہ الا اللہ کا ذکر کریں یا اللہ کا اگر
ناک کی راہ سے آواز پیدا ہو تو اُسکو ناک کا آرہ کہتے
ہیں اس سے بہت شورش اور سوزش اور دماغ
میں بہت حرارت اور خشکی پیدا ہوتی ہے تو ناک اور
دماغ پر روغن بادام استعمال کرتے رہیں اور اس
ذکر کو کامل کریں اور اُس کا کمال یہ ہے کہ بیخبری کی
حالت میں ذاکر رہے اور اگر کسی سادے شخص کو
جس کے دل پر اذکار اور افکار کا اثر نہیں پڑا ہے
مرشد اپنے سامنے زانو بزانو بٹھا دے اور کہے کہ ٹھوڑی
کو سینے پر رکھے اور کمر کو پیٹ کی جانب اور سینہ اُبھار
کر بیٹھے اور آنکھ بند کرے اور اُس کے نفس کو
مرشد دریافت کرتا رہے جب مرید اپنا سانس
اندر کھینچے تو مرشد اپنے سانس کو اُس کے سانس پر
چھوڑے اور جب اُس کا سانس باہر نکلے تو مرشد

دم خود در کشد چون بایں طریق مشغول شود
یکایک نعرہ از مسترشد بر آید و ذکر لا الٰہ الا اللہ و
یا ذکر اللہ ہر چہ مرشد را مقام غالب بود از زبان
و دم جاری شود کہ مردم ازیں در حیرت باشند
و آنقدر سخت غالب آید کہ از گرمی آں خون از
بینی و گوش مسترشد بر آید و ایں را ذکر بسینہ
بسینہ می گویند کہ بے واسطۂ زبان تعلیم او
کنند اما مسترشد شاغل باشد خصوصاً بشغل
مراقبہ کہ با حبس نفس نماید تدبیر مرشد ہیچ
درو اثر نہ نماید کہ او نفس خویشتن در خود ورزیدہ
است بلکہ گاہ باشد کہ اثر بیخودی مشاغل ہجوم
بر مرشد نماید کہ از فکر تدبیر معطلش سازد و ایں
قسم در مجلسے برین بے ہیچ رفتہ و صورت
مجلس منعکس گشتہ لقمہ ذکر کشف الروح

کشف الروح

آیُّ رُوْحٍ کَانَ فِیْ آیِّ مَکَانٍ کَانَ
اول بست و یکبار یا رب بگوید پس بگوید یا
روح الروح و ضرب بر دل زند پس سر بالا
کند گوید یا روح ماشاء اللہ چوں از ذکر فارغ
شود توجہ مطلوب کند پس آں روح حاضر شود در
خواب یا بیداری اگر دو ہزار بار کند زود مقصود رسد
حضرت سید گیسو دراز ایں را از حضرت خواجہ نصیر الدین
چراغ دہلی قدس سرہما یافتہ اند لقمہ و بعضے اختصار
کلمہ طیبہ کنند ھو ھو ضرب اول براستاد ضرب

اپنا سانس اندر کھینچے جب اس طریقے کو کرتا رہیگا تو
یکایک مرید میں شورش پیدا ہو جائیگی اور مرشد کا جو
مقام غالب ہوگا خواہ ذکر لا الٰہ الا اللہ ہو یا ذکر اللہ کا
وہ مرید کی زبان اور سانس سے جاری ہوگا جس سے
لوگوں کو حیرت ہوگی اور اسقدر غلبہ ہوگا جسکی گرمی سے
مرید کے کان اور ناک سے خون جاری ہوگا اسکو
ذکر سینہ بسینہ کہتے ہیں کیونکہ اس کو بلا ذریعہ زبان
کے سکھاتے ہیں لیکن اگر سیکھنے والا ذکر میں
مشغول ہو خصوصاً اس مراقبہ میں جس میں حبس نفس
کرتے ہیں تو شیخ کی تدبیر کچھ کارگر نہ ہوگی کیونکہ اس
نے حبس دم کر لیا ہے بلکہ اس کی بیخودی کا اثر مرشد
پر پڑ جائیگا جس سے وہ اپنی تدبیر سے بیکار ہو جائیگا
چنانچہ ایسا ہی واقعہ ایک مجلس میں مجھ پر گذرا جس سے
مجلس کی صورت برعکس ہو گئی۔ لقمہ ذکر کشف
روح ۔ کوئی روح ہو اور جہاں ہو۔ پہلے اکیس مرتبے
یارب کہے پھر یا روح الروح کہے اور دل پر ضرب
مارے پھر سر اٹھا کر یا روح ماشاء اللہ کہے جب
ذکر سے فارغ ہو تو مطلوب کی طرف متوجہ ہو پس
خواب یا بیداری میں وہ روح حاضر ہوگی اور اگر دو ہزار
مرتبے یہ عمل کرے جلد مقصود حاصل ہو حضرت سید
گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ نے اسکو حضرت خواجہ نصیر الدین
چراغ دہلی سے سیکھا ہے لقمہ بعضے کلمہ طیبہ کا اختصار
کرکے ھو ھو کہکر پہلی ضرب داہنی جانب اور دوسری

دوم بر چپ و ضرب سوم بر دل لقمہ ذکر کشف
قبور نزدیک قبر بنشیند و سر بالا کند جانب آسمان
و گوید الکشف لی یا نور پس ضرب بر دل کند و بگوید
الکشف لی پس ضرب بر قبر مقابل روئے میت
کند پس گوید عن حالہ حال میت معلوم میشود علانیہ
یا در خواب لقمہ ذکر اجابۃ الدعوات ضرب
بر ابط کند اول بر راست گوید یا رب پس چپ گوید یا رب
پس بر دل گوید یا رب پس بیاء متکلم گوید کذا کند این
ذکر بسیار گوید و چون خواہد کہ تمام کند دو دست بالا
کند و بگوید یا ربی و بر روئے خود فرود آرد و در
دل حضور مراد و مقصود باشد بالغا ما کان این از اذکار
شیخ الحقیقۃ شیخ محی الدین ابن عربی است لقمہ
اصل در سلسلہ نقشبندیہ این ذکر است کہ الصاق کند زبان
را بحنک و حبس بکند و شروع بکند از کلمہ لا در حالتیکہ
ابتدا کنندہ است از ناف و کشندہ است آن را بجانب
دماغ بعد ازاں میل دہد کلمہ الہ بجانب کتف یمین و بہ
الا اللہ بجانب یسار پس بضربے قوی بر فضائے دل زند
بحیثیتیکہ آثار ضرب در سائر جسد ظاہر شود و صورت این ذکر
چنین پیدا شود کہ در خطوط محسوس نمائی و این صورت

ناف — صورت ذکر اینست — قلب
دماغ

کلمہ لا است پس
باین صورت ذاکر خود
را نیست و نفی کند و
حق را ثابت نماید بلسان قلب گوید الٰہی انت مقصودی و رضاک

بائیں جانب اور تیسری دل پر مارتے ہیں لقمہ ذکر
کشف قبور۔ قبر کے پاس بیٹھے اور آسمان کی طرف منہ
کرکے الکشف لی یا نور کہکر دل پر ضرب مارے اور الکشف
لی کہکر مردہ کے منہ کے مقابل میں قبر پر ضرب مارے
اور عن حالہ کہے علانیہ یا خواب میں میت کا حال معلوم
ہو جائیگا لقمہ ذکر دعا قبول ہونیکے لیے یا رب کہکر
داہنی بغل پر مارے پھر یا رب کہکر دل پر اس کے بعد
یا ربی اسی طریقہ سے کہے اور یہ ذکر بہت کرے جب
پورا کرنا چاہے تو دونوں ہاتھ اٹھا کر یا ربی کہکر منہ پر پھیرے
اور جو مقصود ہو دل میں حاضر رکھے یہ ذکر حضرت شیخ
محی الدین عربی سے منقول ہے لقمہ اصل ذکر
سلسلہ نقشبندیہ میں یہ ہے کہ زبان تالو میں لگا دے
اور حبس دم کرے اور ناف سے کلمہ لا کو شروع کرکے
دماغ میں پہونچائے اسکے بعد مائل ہو کلمہ الہ کے
ساتھ داہنے کندھے کی طرف اور الا اللہ کے ساتھ
بائیں کندھے کی طرف اور قوی ضرب دل پر مارے
جس کے آثار سارے بدن پر ظاہر ہو جائیں اور یہ ذکر
اس طرح کرے جیسا ایک خط میں ہے جسکی صورت کلمہ
لا کی ہے پس اس ذکر کی صورت کے موافق ذاکر اپنے کو

ناف — صورت ذکر یہ ہے — قلب
دماغ

نابود اور حق کو
ثابت کرے اور
دل کی زبان
سے کہے الٰہی انت مقصودی و رضاک

مطلوب دمی باید کہ بظاہر سالک ہیچ حرکتے دریں
نفی و اثبات محسوس نشود و در حبس و تارا ذکار نماید
و در نوبت کہ تسریح نفس خواہد کرد محمد رسول اللہ
بزبان قلب بگوید و اثر این ذکر اینست کہ منفی
گردد بہ نفی و مثبت باثبات و چوں عدد ذکر متجاوز
از بست و یکبار شود و اثر آں برو مترتب نگردد و
بیخودی و محویت رو نہ نماید پس از سر گیرد کہ در
شرط خطا کردہ باشد و الا این ذکر جالب اثر خود است
لقمہ نفی و اثبات دو ضربی یا چہار ضربی آغاز
نماید و در راست پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام را
تصور کند و در چپ پیر خود را تصور کند و در پیشگاہ
دل حضرت عزت سبحانہ جل شانہ تصور نماید و
نزد بعضے پیش رو مابین طرفین حضرت وجود مطلق
کند لقمہ ذکر دفع مرض راستا گوید یا احد چپا گوید یا صمد
بر دل گوید یا وتر لقمہ بعد نفل عشا ذکر یا وہاب ہفتاد
بار بگوید احتیاج دنیاوی دفع شود و دوگانہ اول اینجا
باید خواند و در ہر رکعتے بعد از فاتحہ اخلاص یازدہ بار
بخواند لقمہ ذکر مشی اقدام رفتن قدم بہ قدم اگر شتاب
میرود در ہر گامے الا اللہ الا اللہ گوید و اگر آہستہ میرود
در وضع پائے راست لا گوید و در وضع پائے چپ
الہ گوید باز در وضع پائے راست الا گوید و در وضع
پائے چپ اللہ گوید و اگر میانہ رود در ہر قدمے اللہ اللہ گوید لقمہ
مجموعہ کلمہ لا الہ الا اللہ ذکر ناسوتی است و الا اللہ ملکوتی است و اللہ

لقمہ نفی و اثبات

لقمہ ذکر دفع مرض

مطلوبی اس نفی و اثبات میں سالک کے ظاہر میں
حس و حرکت نہ ہونا چاہیے اور اسمیں ذکر متواتر کرنا ہے
اور ختم کے وقت دل کی زبان سے محمد رسول اللہ کہے
اس ذکر کا یہ اثر ہے کہ نفی سے منفی ہوتا ہے اور اثبات
سے ثابت اور جب اکیس بار سے زیادہ ہو اور اُسکا
اثر نہ معلوم ہو اور بیخودی اور محویت نہ ظاہر ہو تو پھر
شروع سے کرے کہ کسی شرط میں چوک ہو گئی ہے
ورنہ یہ ذکر ضرور اپنا اثر دکھاتا لقمہ نفی اور اثبات دو
ضربی یا چار ضربی شروع کرے اور داہنی طرف پیغمبر علیہ
الصلوۃ والسلام کا اور بائیں طرف شیخ کا اور دل کے سامنے
حق تعالیٰ کا تصور کرے اور بعضوں کے نزدیک منہ
کے سامنے حضرت وجود مطلق کا تصور کرے لقمہ ذکر
دفع مرض کا۔ یا احد داہنی طرف اور یا صمد بائیں طرف
اور یا وتر دل پر کہے لقمہ عشا کے بعد نفل سے فارغ
ہو کر ستر بار یا وہاب کہے اس سے دنیاوی حاجات
دفع ہونگی اسکے پہلے دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت
میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے لقمہ
ذکر مشی اقدام کا (یعنی چلتے ہوئے ذکر کرنا) اگر جلدی
چلے تو ہر قدم پر الا اللہ الا اللہ کہے اور اگر آہستہ چلے
تو داہنا قدم اُٹھاتے وقت لا کہے اور بایاں اُٹھاتے
وقت الہ پھر داہنے پر الا اور بائیں پر اللہ کہے اور متوسط
چلے تو ہر قدم پر اللہ اللہ کہتا جائے لقمہ مجموعہ کلمہ
لا الہ الا اللہ ذکر ناسوتی ہے اور الا اللہ ملکوتی اور اللہ

جبروتی است و ہُو لاہوتی است لقمہ ذکری
چند است کہ سینہ بسینہ رسیدہ و نمی فرمایند
این اذکار را مگر در اواخر حالِ مریدان بعد
از انکہ ریاضات و مجاہدات نمودہ و اربعینات
برآوردہ باشد و تصفیہ تام حاصل نمودہ
باشند منہا ذکر معیت یا معی یا معی یا ہُو یا ہُو یا ہُو
در مدتِ کمی مشاہدۂ ذاتیہ و صفاتیہ پیدا گردد
و سند وے اینست کہ بنشیند بقعدۂ صلوۃ مگر
اینکہ بیرون کشد ہر دو قدم را از زیر ہر دو سرین
و بنہد سرینہائے خود بر زمین و محکم بگیرد بدست
راست بازوئے چپ و بدست چپ بازوئے
راست و بہ پنج ضرب این کلمات بگوید ضرب
اول میان قدمِ راست و زانوئے راست
و ضربِ دوم بسوئے آسمان ضرب سوم
میان قدم چپ و زانوئے چپ ضرب
چہارم بر جگر ضرب پنجم بر قصائے دل بشدت و
قوت با حضور آنکہ ہُو اشارت است با حدیث مطلقہ
لیس کمثلہ شئی و اولی آنست کہ در ایام این ذکر
غذائے ذاکر شیر باشد و اگر زعفران با شیر
ممزوج کنند نیکو باشد و اکثر حال عطریات
استعمال بکنند و گاہ باشد کہ اقتصار بکنند بر ہمین
سہ کلمہ ہو ہو یا معی و سندش بحال است مگر آنکہ
ہو ہو ضرب با آسمان کند و یا معی بجانب

جبروتی ہے اور ہُو لاہوتی ہے لقمہ چند ذکر ہیں جو
سینہ بسینہ پہونچتے ہیں جب مریدین ریاضات اور
مجاہدات اور چلہ کشی کر کے پورا تصفیہ حاصل کر لیتے ہیں
اور انتہا کو پہونچتے ہیں تب مرشدین اس ذکر کو تعلیم
کرتے ہیں (اُن میں سے ایک ذکر معیت ہے) جب
ذاتی اور صفاتی مشاہدہ میں کمی ہو تب یا معی یا معی یا معی یا
ہُو یا ہُو یا ہُو تعلیم کرتے ہیں اُس کا یہ طریق ہے کہ جیسے
نماز میں بیٹھے ہیں اس طرح بیٹھے مگر دونوں قدم سرین
سے باہر نکالے رہے اور دونوں سرین زمین پر رکھے
اور داہنے ہاتھ سے بایاں بازو اور بائیں ہاتھ سے
داہنا بازو خوب مضبوط پکڑ لے اور پانچ ضربات سے
ان کلمات کو کہے پہلی ضرب داہنے قدم اور داہنے
زانو کے درمیان میں اور دوسری ضرب آسمان کی طرف
اور تیسری ضرب بائیں قدم اور بائیں زانو کے درمیان
میں اور چوتھی ضرب جگر پر اور پانچویں ضرب قصائے
دل پر خوب زور اور قوت سے مارے اور خیال کرے
کہ ہو سے مراد احدیت مطلقہ ہے کہ جسکا مثل کوئی نہیں
ہے اور اس ذکر کے ایام میں دودھ کا استعمال
رکھے اگر اس میں زعفران بھی ملا دے تو اور بہتر ہے
اور عطریات کا استعمال اکثر رکھے اور کبھی تین ہی کلمہ
اس ذکر کو اقتصار کرتے ہیں اور ہو ہو یا معی کہتے ہیں
اور ان کی نشست بھی مثل سابق کے ہے مگر اتنا فرق
ہے کہ ہو ہو کی ضرب آسمان کی طرف اور یا معی

ومنہا ذکر کلیہ

دل زند و منہا ذکر کلیہ است بک الکل منک الکل الیک الکل یا کل الکل و در جائے فقیر چنین دیدہ است اللهم انت الکل ومنک الکل وبک الکل ولک الکل والیک الکل وکل الکل بمشاہدہ ذات و صفات میرساند سند او آنست کہ مربع بنشیند و پیش ضربے بزند و بر یمین ضربے و بشمال ضربے و بسوئے آسمان ضربے یا بر قلب ضربے

ومنہا ذکر احاطہ

و منہا ذکر احاطہ ہست یا محیط ظہرا و بطنا مورث مشاہدہ است سند او اینست کہ وقت ظہرا چشم بکشاید و وقت بطنا چشم بر بندد

ومنہا ذکر محو الجہات

و منہا ذکر محو الجہات است انت فوقی انت تحتی انت امامی انت خلفی انت یمینی انت شمالی انت فی و انا مع الجہات فیک اینما تولوا فثم وجہ اللہ سند او اینست کہ بر خیزد و روئے سوئے عرش کند و گوید انت فوقی و بجانب طبقات ارض بنگرد و بنشیند و گوید انت تحتی و بگرداند روئے سوئے پیش و گوید انت امامی باز بگرداند سر بجانب پس بگوید انت خلفی و ہمچنیں دست راست و دست چپ ضرب بزند بر دل و گوید انت فی و بر خیزد و گرد بگردد و گوید انا مع الجہات فیک اینما تولوا فثم وجہ اللہ

ومنہا ذکر تجلی انانیت

و منہا ذکر تجلی انانیت انی انا اللہ لا الہ الا انا بعد از نماز تہجد بگوید صد بار و سندش نیست کہ بر دارد سر بجانب آسمان

کی دلبر کرتے ہیں **دوسرا ذکر کلیہ** ہے وہ یہ ہے بک الکل منک الکل الیک الکل یا کل الکل اور ہیئے دوسرے مقام پر یوں دیکھا ہے اللهم انت الکل ومنک الکل وبک الکل ولک الکل والیک الکل وکل الکل اس ذکر سے ذات اور صفات کا مشاہدہ ہوتا ہے اس کا یہ طریقہ ہے کہ آگے ایک ضرب اور داہنے ایک ضرب اور بائیں ایک ضرب اور آسمان کی طرف ایک ضرب یا دلپر ایک ضرب مارے **تیسرا ذکر احاطہ** ہے وہ یہ ہے یا محیط ظہرا و بطنا یہ ذکر مشاہدہ کا باعث ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ ظہرا کہتے وقت آنکھ کھولے اور بطنا کہتے وقت آنکھ بند کرے **چوتھا ذکر محو الجہات** ہے وہ یہ ہے انت فوقی انت تحتی انت امامی انت خلفی انت یمینی انت شمالی انت فی و انا مع الجہات فیک اینما تولوا فثم وجہ اللہ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اٹھکر عرش کی طرف منہ کرے اور انت فوقی کہے پھر زمین کی طرف دیکھے اور بیٹھکر انت تحتی کہے پھر آگے منہ کرکے انت امامی کہے پھر پیچھے پھرکر انت خلفی کہے اسیطرح داہنے اور بائیں پھر دلپر ضرب مار کر انت فی کہے اور اٹھکر گھوم کر انا مع الجہات فیک اینما تولوا فثم وجہ اللہ کہے اور **پانچواں ذکر تجلی انانیت** ہے وہ یہ ہے انی انا اللہ لا الہ الا انا تہجد کی نماز سے فارغ ہوکر سو مرتبہ اسکو کہے اسکا یہ طریقہ ہے کہ آسمان کی

وبگوید الی انا اللہ وبگرداند سر خود بجانب بازوے راست وگوید لاالہ وبشدت بر فضائے دل زند وبگوید الا انا ودر ہمہ ایں اذکار خمسہ تصور معانی وتصور پیر زرع شرط است منہا حضرت شیخ شکر گنج قدس سرہ بزبان پنجابی ذکر کردہ اند۔ اہوں توں (جانب علویات اشارت است) اہوں توں (جانب سفلیات اشارت است) توہیں توں جانب اطلاق

لقمہ بدانکہ بعد ختم مجلس ذکر سہ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ بگوید وایں دعا بخواند اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ وَقَدْ ذَکَرْتُکَ عَلٰی قَدْرِ قِلَّۃِ عِلْمِیْ وَعَقْلِیْ وَفَہْمِیْ فَاذْکُرْنِیْ عَلٰی قَدْرِ سَعَۃِ نَفْسِکَ وَفَضْلِکَ وَعِلْمِکَ وَمَغْفِرَتِکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ مَسَامِعَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ یَا خَبِیْرُ

اللّٰہ اکبر ہو

وصل آخر در مراقبات

اعلم اعزک اللہ بنفسہ مراقبہ پاسبانی کردن دل خود راست تا درو غیر حق واحد راہ نیابد۔ بدانکہ

مرض دل بسہ چیز است
تا بداں بغیر حق

طرف سر اٹھا کہ الی انا اللہ کہے پھر داہنے بازو کی طرف سر پھیر کر لاالہ کہے پھر فضائے دل پر سخت ضرب مار کر الا انا ان پانچوں ذکروں میں معانی اور شیخ کی صورت کا تصور شرط ہے اور پانچواں ذکر جو حضرت شیخ شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ نے پنجابی زبان میں ذکر کیا ہے یہ ہے اہوں توں (علویات کی طرف اشارہ) اور اہوں توں (سفلیات کی طرف) اور توہیں توں (اطلاق کی طرف اشارہ ہے)

لقمہ جاننا چاہیئے کہ مجلس ختم ہونے کے بعد تین بار کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اسکے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ وَقَدْ ذَکَرْتُکَ عَلٰی قَدْرِ قِلَّۃِ عِلْمِیْ وَعَقْلِیْ وَفَہْمِیْ فَاذْکُرْنِیْ عَلٰی قَدْرِ سَعَۃِ نَفْسِکَ وَفَضْلِکَ وَعِلْمِکَ وَمَغْفِرَتِکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَامِعُ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ یَا خَبِیْرُ

اللّٰہ اکبر ہو

دوسرا وصل مراقبات کے بیان میں

جان لے اے طالب خدا اللہ تعالےٰ تجھکو اپنے نفس کی پہچان عطا فرمائے کہ اصطلاح صوفیہ میں مراقبہ کہتے ہیں دل کی نگہبانی کو تاکہ اس میں غیر حق تعالیٰ کا آنے نہ پاوے۔ جاننا چاہیئے کہ تین چیزوں سے دل میں مرض پیدا ہوتا ہے جن سے وہ غیر خدا

مشغول است یکے حدیث نفس کہ ہمیشہ بقصد و
اختیار در دل حدیث می کند خواہ در ملا خواہ در
خلا دوم خطرہ است و آں بغیر قصد می آید
و میرود و سوم نظر بہ غیر یعنے علم باشیاء
متکثرہ و اصل در علاج ایں مرض شغل
باطن است و ایں را اقسام است لقمہ
اسم اعظم کہ اسم ذات است در محل حدیث
نفس بنشاند و اسمائے صفات امہات را
در مقام خطرہ بنشاند و نظر دل بر جمال مرشد دارد
کہ آنرا واسطہ و رابطہ و برزخ گویند لقمہ ملاحظہ
معنی مقدس از اسم ذات است از غیر تقیید و
تخصیص بعبارتے و لغتے در علم خود بکند و بتمامی
متوجہ قلب صنوبری گردد بدوام و شائستہ ایں
ذہن وقاد و طبع نقادی باید و اگر خاطر نشین نشود
آں معنی مقدس را بنور بحت خالص فرود آرد و
خود را متلاشی در آں نور بیند فہو بحر من النور و انت
قطرۃ یا آں معنی مقدس را بہ ظلمت خالص
فرود آرد و خود را سایہ مخصوص تصور نماید
کہ چوں در ظلمت در آید متلاشی در آں
گردد و امتیاز از میان بر خیزد

لقمہ

بعضے عارفان قدس سرارہم طریقہ مشغولی
چنیں بیان فرمودہ اند کہ حاضر کند صورت

کی طرف مشغول ہوتا ہے اول حدیث نفس ہے جو ہمیشہ خلا
و ملا میں قصد و اختیار سے دل میں آتی ہے دوسرا
خطرہ ہے جو دل میں بلا قصد و ارادہ کے آتا جاتا ہے
تیسرا غیر کی طرف نظر ڈالنا ہے یعنی علم اشیاء متکثرہ
کا اصل علاج اس مرض کا یہ ہے کہ باطن کو ذکر حق
میں لگا رکھے اور اس کی بہت سی قسمیں ہیں لقمہ
بجائے حدیث نفس کے اسم اعظم کو جو اسم ذات ہے
قائم کریں اور خطرہ کے مقام پر اسمائے صفات امہات
کو رکھیں اور دل کی نظر جمال مرشد پر رکھیں جسکو واسطہ
اور رابطہ اور برزخ کہتے ہیں لقمہ ملاحظہ معنی
مقدس یہ ہے کہ اسم ذات کو بلا تقیید اور تخصیص کسی
عبارت اور لغت کے اپنے ذہن میں لحاظ کرے
اور ہمیشہ قلب صنوبری کی طرف کامل توجہ رکھے اور
اس معنی کے لائق ذہن روشن اور طبیعت نقاد ہونی
چاہیے اور اگر یہ معنی ذہن نشین نہ ہوں تو اس کے
معنی مقدس کو نور خالص تصور کرے اور اپنے کو
اس نور میں منتشر جانے گویا وہ ایک نور کا دریا ہے
اور تو اسکا ایک قطرہ ہے یا یوں کرے کہ اس معنی
مقدس کو ظلمت خالص تصور کرے اور اپنے کو
اسکا ایک خاص سایہ سمجھے کیونکہ سایہ ظلمت میں
آتا ہے تو اس میں منتشر ہو جاتا ہے اور فرق باقی نہیں
رہتا لقمہ بعضے عارفوں نے شغل کا طریقہ
اس طور پر بیان کیا ہے کہ خیال میں شیخ کی

شیخ را در خیال تا ظاہر شود اثر حرارت و کیفیت معہودہ شاغلین و متوجہ شود بسوئے حقیقت جامعۂ انسانیۂ خود را با کیفیت مذکورہ بصورت شیخ یعنی آں حقیقت جامعۂ خود را بصورت شیخ فرا گیرد و آنرا شیخ خود تصور نماید اما آں حقیقت جامعہ کہ قلب در اصطلاح ایشان عبارت از ہمانست چوں منزہ است از حلول در اجسام پس احضار آں اند کے دشوار برائے ایں صعوبت متوجہ شود بجانب مضغۂ الیسری صنوبری کہ میان آں قلب حقیقی و ایں قلب مجازی ارتباط ہست کہ آں ارتباط با ہیچ عضو دیگر نیست و نیک متوجہ شود کہ ہمہ حواس یکرو و یکسو گردند و شک نیست کہ دریں حالت غیبت و بیخودی ظاہر میشود پس ایں حالت غیبت و بیخودی را ہمچو راہے مستقیم راست بے کج و کور فرض نماید و تصور کند کہ گویا او دریں راہ میرود و ایں راہ غیر متناہی است پس ہر گاہ خطرہ یا وسواسے در دنبال تو افتد تو ازاں رامیگریزی دریں گریز یا خطرہ دنبال گزاشت و پس ماند یا آمد و گرفت اگر پس ماند فہو المراد و اگر گرفت بہماں حقیقت جامعہ کہ بصورت مرشد فرا گرفتہ است متوجہ شود و دفع کند و در آں کوشد کہ ایں حالت امتداد پیدا کند و اگر ازاں مندفع نشود دماغ را تخلیہ کند یعنی خارج کند نفس را از طریق بینی

صورت لاوے تاکہ حرارت کا اثر اور جو شاغلین کو کیفیت معہودہ ہوتی ہے ظاہر ہو اور کیفیت مذکورہ کے ساتھ شیخ کی صورت میں اپنی حقیقت جامعہ انسانی کی طرف متوجہ ہو یعنی اپنی حقیقت جامعہ کو شیخ کی صورت بنا کر اس کو اپنا شیخ تصور کرے مگر چونکہ یہ حقیقت جامعہ جس کو اصطلاح صوفیہ میں قلب کہتے ہیں اجسام میں حلول نہیں کر سکتی اور اسکا احضار فی الجملہ دشواری سے خالی نہیں ہے اس سبب سے بائیں طرف کے صنوبری ٹکڑے کی طرف جس کو عوام دل کہتے ہیں متوجہ ہو اور ایسی طرح سے متوجہ ہو کہ تمام حواس یکسو ہو جائیں اس لئے کہ قلب مجازی اور حقیقی کے درمیان میں ایسا ارتباط ہے جو دوسرے اعضا میں نہیں ہے اور بے شبہ اس حالت میں بیخودی اور غیبت ہو گی پس اس غیبت اور بیخودی کو نہایت سیدھا راستہ سمجھ کر تصور کرے کہ گویا اس پر جا رہا ہے اور یہ راستہ غیر متناہی ہے اب اگر کوئی خطرہ یا وسواس تیرے پیچھے پڑے اور تو اس راہ سے بھاگے تو وہ خطرہ تجھ سے چھوٹ گیا اور پیچھے رہ گیا یا بھاگ کر تجھ کو پکڑ لیا اگر چھوٹ گیا تو بہتر ہے ورنہ پھر اس صورت جامعہ کی طرف جس کو اپنا شیخ بنا لیا ہے متوجہ ہووے اور اس کو دفع کرے اور اس بات میں کوشش کرے کہ یہ حالت طول پکڑے اگر اس سے بھی نہ دفع ہو تو تخلیہ دماغ کا کرے اسطرح پر کہ ناک کے راستہ سے

بعنف و سختی باز بہماں حالت متوجہ شود
و اگر ازیں نیز مندفع نشود ایں استغفار
اَستَغفِرُ اللّٰہَ اَستَغفِرُ اللّٰہَ مِن جَمِیعِ مَا کَرِہَ
اللّٰہُ قَولاً وَّ فِعلاً وَّ حَاضِرًا وَّ غَائِبًا
وَّ سَامِعًا وَّ نَاظِرًا وَّ لَا حَولَ وَ لَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ ۔
بسیار بگوید و زبان را با دل موافق سازد و اگر
ازیں نیز مندفع نشود اسم یا فعال را بفہم معنیش
فرا گیرد کہ آں را خاصیتے در دفع وسواس است
اگر ایں ہم نفع نہ دہد تامل بکند معنی لا الٰہ الا اللہ
اے لاموجود الا اللہ و اگر ایں نیز نفع نہ کند بشدومد
جہر گوید اسم اللہ را و ضرب کند بر دل صنوبری خود

لقمہ

آنچہ در مشاعر خمسہ ظاہرہ و خمسہ باطنہ مدرک
می شود خالی نیست یا مطابق واقع ست پس
حق باشد یا مطابق واقع نیست پس باطل است
و محقق و مقرر شدہ است نزد قائلین بوحدت
وجود اینکہ حق چنانچہ بعضے از مظاہر اوست تعالیٰ
ہمچنیں باطل نیز بعضے از مظاہر اوست تعالیٰ شیخ
ابو مدین مغربی کہ شیخ شیخ محی الدین ابن عربیست
قدس اللہ اسرارہما و اوصل الینا فتوحاتہما رباعی

لا تنکر الباطل فی طورہ	فانہ بعض ظہوراتہ
واعطہ منک بمقدارہ	حتی توفی حق اثباتہ

نہایت زور سے سانس نکالے اور پھر اسی حالت کی
طرف متوجہ ہو۔ اور اگر اس سے بھی دفع نہ ہو تو اس
استغفار کی کثرت کرے اور زبان کو دل سے موافق
کرے استغفار یہ ہے اَستَغفِرُ اللّٰہَ اَستَغفِرُ اللّٰہَ
مِن جَمِیعِ مَا کَرِہَ اللّٰہُ قَولاً وَّ فِعلاً وَّ حَاضِرًا
وَّ غَائِبًا وَّ سَامِعًا وَّ نَاظِرًا وَّ لَا حَولَ وَ لَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ۔ اور اگر اس سے بھی نہ دفع
ہو تو اسم یا فعال کو اُسکے معنی سمجھکر وظیفہ کرے کہ وسواس
دفع کرنے میں اس کی خاصیت عظیم ہے اور اگر اس
سے بھی دفع نہ ہو تو لا الٰہ الا اللہ یعنی لاموجود الا اللہ کے
معنی میں غور کرے اگر یہ بھی نہ نفع کرے تو شد و مد
سے باٰواز بلند اللہ کہکر اپنی صنوبری دل پر ضرب مارے
